5

# یات اُردو

جماعت پنجم

2021-22

NOT FOR SALE

ی نصاب 2020 کے مطابق




downloaded from https://infohubhrmisissed.com/

پروگرام برائے تعلیمی اصلاحات، حکومتِ پنجاب

Scanned with CamScanner

کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق اور قومی نظرِ ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| باب اوّل۔ قرآن مجید و حدیث نبوی | | |
| الف | ناظرہ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ قرآن مجید | 2 |
| ج | حفظ و ترجمہ | 5 |
| 1 | حدیث نبوی | 8 |
| 2 | دعائیں (ادعیہ) | 10 |
| باب دوم۔ ایمانیات و عبادات | | |
| الف۔ ایمانیات | | |
| 1 | آخرت | 12 |
| 2 | ختم نبوت اور [illegible] | 16 |
| ب۔ عبادات | | |
| 1 | زکوٰۃ | 21 |
| 2 | جمعۃ المبارک کی اہمیت | 25 |
| 3 | عیدین | 30 |
| باب سوم۔ سیرت طیبہ | | |
| 1 | معراج النبی ﷺ | 34 |
| 2 | ہجرتِ حبشہ [illegible] | 40 |
| 3 | اخوتِ مدینہ | 44 |
| 4 | میثاقِ مدینہ | 48 |
| 5 | غزوۂ بدر | 52 |
| 6 | صلح حدیبیہ | |
| 7 | غزواتِ نبوی | |
| باب چہارم۔ اخلاق و آداب | | |
| 1 | رواداری | |
| 2 | عفو و درگزر اور رحم دلی | |
| 3 | کفایت شعاری | |
| باب پنجم۔ حسنِ معاملات و معاشرت | | |
| 1 | ایفائے عہد | 7 |
| 2 | اسلامی اخوت | 1 |
| 3 | حلال روزی | 5 |
| باب ششم۔ ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | | |
| 1 | حضرت [illegible] علیہ السلام | 89 |
| 2 | حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام | 93 |
| 3 | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ | 97 |
| 4 | صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم | 103 |
| باب ہفتم۔ اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | | |
| 1 | حادثات سے بچنے کی تدابیر | 107 |
| 2 | پودوں اور درختوں کی اہمیت | 112 |
| | فرہنگ | 116 |



مصنفین: سیدہ میمونہ اقبال، سلمیٰ جبیں

نگران طباعت: ڈاکٹر ظفر الزمان — ڈائریکٹر (مسودات): ڈاکٹر عبداللہ فیصل

لے آؤٹ، ڈیزائننگ: محمد اعظم — ڈپٹی ڈائریکٹر (گرافکس): عائشہ صادق

مطبع: [illegible] — ناشر: پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

| PMIU | PEIMA | Govt. Edu. G.B | LNFBE | TOTAL | تاریخ اشاعت |
|---|---|---|---|---|---|
| 648291 | 83305 | 21030 | 31090 | 783716 | 2021ء [illegible] |


downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

# قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

## (الف) ناظرہ قرآن مجید

...ات تعلم:

...کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ...جید کے پارہ 19 تا 30 کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- دوران تلاوت مخارج اور رموز اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

...ن مجید بہت بابرکت کتاب ہے۔ قرآن مجید پڑھنا، سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ قرآن مجید ...تے وقت آداب تلاوت کا خاص خیال رکھیں۔ ناظرۂ قرآن مجید پارہ نمبر 19 تا 30 درست تلفظ اور قواعدِ تجوید کے مطابق پڑھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 وَقَالَ الَّذِيْنَ | 20 اَمَّنْ خَلَقَ | 21 اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ | 22 وَمَنْ يَّقْنُتْ |
| 23 وَمَالِيَ | 24 فَمَنْ اَظْلَمُ | 25 اِلَيْهِ يُرَدُّ | 26 حٰمٓ |
| 27 قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ | 28 قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ | 29 تَبٰرَكَ الَّذِيْ | 30 عَمَّ |



...ضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: قرآن پڑھا کرو، اس لیے کہ قیامت کے دن یہ اپنے پڑھنے والوں کے لیے سفارش کرے گا۔ (صحیح مسلم، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرھا)

### ...یاں برائے طلبہ

- ...اساتذہ کرام / والدین کی زیر نگرانی پارہ 19 تا پارہ 30 قواعد تجوید کے مطابق پڑھیں۔
- ...کر اجماعت میں منعقد ہونے والے مقابلۂ حسن قراءت میں حصہ لیں۔
- ...پارہ 30 میں موجود سورتوں کے نام اور نمبر ترتیب سے اپنی کاپی میں لکھیں۔

...اساتذہ کرام

- جماعت میں مقابلۂ حسن قراءت کا اہتمام کریں۔ بہترین قراءت کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- نصاب میں شامل قرآن مجید کی چند آیات روزانہ درست مخارج، رموز اوقاف اور قواعد تجوید کے مطابق پڑھائیں۔



...R SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (ب) حفظِ قرآن مجید

## حاصلاتِ تعلم

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سبق میں دی گئی سورتیں درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- آیۃ الکرسی کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔
- ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

قرآن مجید کو حفظ کرنا بہت فضیلت والا عمل ہے۔ آئیں چند سورتیں اور آیۃ الکرسی پڑھیں اور زبانی یاد کر

## سُوْرَةُ الْفِيْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحٰبِ الْفِيْلِ ﴿١﴾ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ
تَضْلِيْلٍ ﴿٢﴾ وَّأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيْلَ ﴿٣﴾ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ
سِجِّيْلٍ ﴿٤﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُوْلٍ ﴿٥﴾

## سُوْرَةُ قُرَيْشٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِإِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿١﴾ إٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ﴿٢﴾ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ
هٰذَا الْبَيْتِ ﴿٣﴾ الَّذِيْٓ أَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿٤﴾

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

# آیۃ الکرسی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ
اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَئُوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ○

(سورۃ البقرۃ، آیت:255)

آیۃ الکرسی قرآن مجید کی تمام آیتوں کی سردار ہے۔ اسے پڑھنے سے انسان اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتا ہے اور شیطان کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا، اُسے جنت سے کوئی چیز روکنے والی نہیں ہے، سوائے موت کے۔
(سنن نسائی: کتاب عمل الیوم واللیلۃ)

**فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم**

جب تم رات کو اپنے بستر پر سونے کے لیے جاؤ تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو، پھر صبح تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ تمھاری حفاظت پر مقرر ہو جائے گا اور شیطان تمھارے پاس بھی نہ آسکے گا۔ (صحیح بخاری: کتاب فضائل القرآن)

downloaded from https://infohubmssisseu.com/



Scanned with CamScanner

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اسکول میں منعقد ہونے والے مقابلۂ حُسنِ قراءت میں حصہ لیں۔
- درج ذیل سورتوں کے بارے میں معلومات مکمل کریں۔

| سورت کا نام | مکی/مدنی سورت | پارہ نمبر | سورت نمبر | آیات کی |
|---|---|---|---|---|
| سُوْرَةُ الْبَقَرَة | مدانی | 1 | 2 | 4 |
| سُوْرَةُ الْفِيْل | مکی | 3 | 10 | 5 |
| سُوْرَةُ قُرَيْش | مکی | 30 | 9 | 4 |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو اصحاب الفیل کا واقعہ تفصیل سے سنائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ قرآن مجید کی تلاوت باقاعدگی سے کریں۔ قرآن مجید کی چھوٹی سورتوں کو حفظ کریں اور نماز میں پڑھیں۔ ہر فرض نماز ادا کرنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے آیۃ الکرسی پڑھیں۔

# (ج) حفظ و ترجمہ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ، اَلتَّحِیَّاتُ، درودِ ابراہیمی اور دعائے قنوت مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔
- سبق میں شامل سورت اور مسنون دعاؤں کو یاد کر سکیں، ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روز مرہ زندگی، بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔

## سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿1﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿2﴾ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿3﴾
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ﴿4﴾ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ﴿5﴾ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ﴿6﴾

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم والا۔ انصاف کے دن کا حاکم۔ (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے رستے چلا۔ اُن لوگوں کے رستے جن پر تُو اپنا فضل و کرم کرتا رہا۔ نہ کہ اُن کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔

**مزید جانیے!**

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ ایک دعا ہے۔ اس کے مزید نام بھی ہیں:

- اُمّ الکتاب
- اُمّ القرآن
- سُوْرَۃُ الْحَمْد
- سبع مثانی

## دعائے قنوت

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infohubhmississed.com/

Scanned with CamScanner

## اَلتَّحِيَّاتُ

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ
وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ - اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ: تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں صرف اللہ ہی کے لیے ہیں، اے نبی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) آپ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

## درود ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: اے اللہ! رحمتیں نازل فرما محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر اور محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی آل پر، جس طرح تو نے رحمتیں نازل فرمائیں، ابراہیم (علیہ السلام) پر اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر، بے شک تو تعریف کے لائق بڑی بزرگی والا ہے۔

اے اللہ! برکتیں نازل فرما محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر اور محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی آل پر، جس طرح تو نے برکتیں نازل فرمائیں، ابراہیم (علیہ السلام) پر اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر، بے شک تو تعریف کے لائق بڑی بزرگی والا ہے۔

downloaded from https://infohubhinesssed.com/



Scanned with CamScanner

## حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی دُعا

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ (سورۃ ابراہیم، آیت:40-41)

اے پروردگار مجھ کو (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے پروردگار میری دعا قبول فرما۔ اے پروردگار حساب (کتاب) کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کی مغفرت فرما۔

## دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دُعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (سورۃ البقرۃ، آیت:201)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

downloaded from https://infohubhindustaissed.com/

### سنّتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا کو کثرت سے پڑھتے تھے۔

(صحیح بخاری: کتاب الدعوات)

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے والدین کی مدد سے دعائے قنوت مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- چارٹ پر اَلتَّحِیَّاتُ، درود ابراہیمی اور سبق میں شامل دونوں دعاؤں کو مع ترجمہ خوش خط لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

### برائے اساتذۂ کرام

- کمرا جماعت میں ناظرہ اور حفظ کے الگ الگ مقابلے منعقد کریں۔ اچھی قراءت کرنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ، اَلتَّحِیَّاتُ، درود ابراہیمی اور دعاؤں کو مع ترجمہ درست تلفظ اور قواعدِ تجوید کے مطابق پڑھانے اور یاد کروانے کا اہتمام کریں اور دعائے قنوت زبانی سنیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (د) حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- چھے مختصر صحیح احادیث سمجھ سکیں۔
- ان احادیث کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہ

**إِذَا لَمْ تَسْتَحِيْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ**

ترجمہ: جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو۔ (صحیح بخاری، کتاب الادب: 6120)

**لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ**

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) مومن نہیں بن سکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے کرتا ہے۔ (صحیح بخاری، کتاب الایمان: 13)

**أَنَا خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ**

ترجمہ: میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی (پیدا) نہ ہوگا۔ (جامع ترمذی، کتاب الفتن، حدیث: 2219)

**یاد رکھیں!**

جو حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں موجود ہو اسے متفق علیہ کہتے ہیں۔

downloaded from https://hmohubhrmsissed.com/

NOT FOR SALE-PESRP



Scanned with CamScanner

## مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي

ترجمہ: جو دھوکا دہی کرے گا وہ مجھ سے (تعلق رکھنے والا) نہیں ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الایمان، حدیث:284)

## لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

ترجمہ: رشتہ داروں سے بد سلوکی کرنے والا جنت میں نہ جائے گا۔ (صحیح مسلم، کتاب الایمان، حدیث:2556)

## مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ كُلَّهُ

ترجمہ: جو شخص نرمی سے محروم رہا، وہ ساری بھلائی سے محروم رہا۔
(صحیح مسلم: کتاب البر والصلۃ، حدیث:2592)

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

### سرگرمی برائے طلبہ

- طلبہ سبق میں دی گئی احادیث کو یاد کر کے ایک دوسرے کو سنائیں اور ان کی تعلیمات پر عمل کریں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو حدیث کی اہمیت بتائیں۔ سبق میں دی گئی احادیث کو درست تلفظ سے مع ترجمہ یاد کروائیں اور مفہوم واضح کریں۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ احادیث کو مع ترجمہ درست تلفظ سے یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔
- حدیث کی تعریف کرتے ہوئے طلبہ کو قول، فعل اور تقریر کا فرق بتائیں، انھیں بتائیں کہ یہاں تقریر کا معنٰی یہ ہے کہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے سامنے کوئی کام ہوا اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اس سے منع نہ فرمایا۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (ہ) دعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سفر کی دعا، گھر میں داخل ہوتے وقت اور گھر سے نکلتے وقت کی دعا یاد کر سکیں۔
- ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنے بندوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنی ضرورت اور حاجت کے لیے اسی سے دعا کریں۔ ارشاد ربانی ہے:

ترجمہ: جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 186)




## سواری کی دعا

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

(سورۃ الزخرف، آیت: 13-14)

ترجمہ: وہ (ذات) پاک ہے جس نے اس کو ہمارے تابع کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے۔ اور ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔



## گھر میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ، وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا (سنن ابو داؤد: کتاب الادب، حدیث: 5096)

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے گھر میں داخل ہونے اور گھر سے نکلنے کی بہتری کا سوال کرتا ہوں، اللہ کے نام کے ساتھ ہم (گھر میں) داخل ہوئے اور اللہ ہی کے نام کے ساتھ ہم نکلے اور اپنے رب پر ہم نے بھروسا کیا۔

downloaded from https://infohubhumssissu.com/




NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

## گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (سنن ابوداؤد: کتاب الادب، حدیث: 5095)

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ (نکلتا ہوں) میں نے اللہ پر بھروسا کیا اور گناہوں سے بچنے اور نیکیاں کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔



downloaded from https://infohubmississed.com/

### فرمانِ مصطفیٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

جو شخص گھر سے نکلتے وقت کی دعا پڑھے، تو اس سے کہا جائے گا: تمھاری کفایت کردی گئی، اور تم (دشمن کے شر سے) بچا لیے گئے، اور شیطان تم سے دور ہو گیا۔ (جامع ترمذی: کتاب الدعوات)

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- دعاؤں کو یاد کریں اور کمرا جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔
- دعا مانگنے کے آداب پر اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے بات چیت کریں۔

### برائے اساتذہ کرام

- سبق میں دی گئی دعاؤں کو درست تلفظ سے یاد کروائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان دعاؤں کو اپنی عملی زندگی میں شامل کریں۔



Scanned with CamScanner

باب دوم

# ایمانیات وعبادات

## الف: ایمانیات

## (1) آخرت

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:

- عقیدۂ آخرت کے معنی ومفہوم کو سمجھ سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کرسکیں۔
- آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ کر دنیا اور آخرت کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کے اثرات سے آگاہی حاصل کرسکیں۔
- آخرت میں جواب دہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔

دینِ اسلام میں جن باتوں پر ایمان رکھنا ضروری ہے، اُن میں سے ایک آخرت ہے۔ آخرت کا مطلب ہے کہ اس بات پر یقین رکھا جائے کہ دنیا کی زندگی عارضی ہے اور یہ زندگی ایک دن ختم ہو جائے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کو دوبارہ زندہ کرے گا اور ایک جگہ جمع کرے گا۔ اس دن ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا۔

**مزید جانیے!**

قرآن مجید میں آخرت کے اور بھی نام ہیں جیسے

- یوم القیامۃ
- یوم الحاقۃ
- یوم الحساب
- یوم الدین

اُن کے اچھے، بُرے کاموں کے بارے میں پوچھے گا۔ اُس دن جس کے اچھے عمل زیادہ ہوں گے اللہ تعالیٰ اُسے انعام دیں گے اور جنت میں داخل کریں گے۔ جہاں اسے ہر طرح کی نعمتیں میسر ہوں گی۔ اور جس کے بُرے عمل زیادہ ہوں گے اُسے سزا ملے گی اور جہنم میں ڈالا جائے گا۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

ترجمہ: تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔
(سورۃ الزلزال، آیت: 7-8)

عقیدۂ آخرت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا۔ قرآن مجید میں ایمان لانے والوں کے بارے میں ارشاد ہے:

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ (سورۃ البقرۃ، آیت: 4)

ترجمہ: اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

downloaded from https://ilmhubhmssissed.com/



Scanned with CamScanner

دنیا کی مختصر اور آخرت کی ابدی زندگی کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

دنیا میں اس طرح زندگی بسر کرو جس طرح اجنبی یا راہ چلتا مسافر ہو۔ (صحیح بخاری: کتاب الرقاق)

دنیا عمل کی جگہ اور آخرت بدلے کی جگہ ہے۔ انسان کو دنیا میں آزمائش کے لیے بھیجا گیا ہے۔ اور اسے آخرت میں اپنے ہر عمل کا حساب دینا ہے۔ جو لوگ دنیا میں نیک عمل کریں گے وہ آخرت کی زندگی میں کامیاب ہوں گے اور جو لوگ دنیا میں بُرے عمل کرتے ہیں، وہ ناکام ہوں گے۔

## عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر اثرات

- انسان کے اندر نیک کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- انسان جھوٹ بولنے اور دیگر بُرائیوں سے رک جاتا ہے۔
- انسان اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچ جاتا ہے۔
- عقیدۂ آخرت پر یقین سے انسان میں اچھے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔
- عقیدۂ آخرت پر یقین سے انسان میں جواب دہی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

downloaded from https://informationsuccess.com/

ہمیں چاہیے کہ ہم دنیا کی زندگی بہتر سے بہتر طریقے کے مطابق بسر کرنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جن کاموں کو کرنے کا حکم دیا ہے اُن پر عمل کریں اور جن کاموں سے روکا ہے اُن سے رک جائیں۔

جھوٹ اور دوسرے بُرے کاموں سے اجتناب کریں، ماں باپ کا کہنا مانیں، دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کریں، تاکہ جب ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہوں تو اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو جائے اور ہمیں معاف کر دے۔



Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست جواب پر (✓) نشان لگائیں۔

ا۔ یہ دنیا ہے:

الف۔ بے مقصد جگہ　ب۔ عارضی جگہ　ج۔ مستقل جگہ　د۔ کھیل کود کی جگہ

ب۔ نیک لوگوں کو انعام میں ملے گی:

الف۔ جنت　ب۔ زمین　ج۔ جائیداد　د۔ گاڑی

ج۔ انسان کو دنیا میں بھیجا گیا ہے:

الف۔ کھیل کود کے لیے　ب۔ عیش و عشرت کے لیے　ج۔ آزمائش کے لیے　د۔ کھانے پینے کے لیے

د۔ حدیث کے مطابق دنیا میں زندگی بسر کرو:

الف۔ مسافر کی طرح　ب۔ فقیر کی طرح　ج۔ رئیس کی طرح　د۔ بادشاہ کی طرح

ہ۔ آخرت پہ یقین رکھتے ہیں:

الف۔ منافق　ب۔ کافر　ج۔ مشرک　د۔ مومن

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ عقیدۂ آخرت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص ______ نہیں ہو سکتا۔

ب۔ آخرت کی زندگی ______ ہے۔

ج۔ دنیا عمل کی جگہ اور آخرت ______ کی جگہ ہے۔

د۔ نیک لوگوں کو جنت میں ہر طرح کی ______ میسر ہوں گی۔

ہ۔ آخرت پر ایمان رکھنے سے انسان کی زندگی ______ ہو جاتی ہے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ آخرت پر ایمان رکھنے کا کیا مطلب ہے؟

ب۔ حدیث مبارک کی روشنی میں دنیا کی حقیقت کیا ہے؟



NOT FOR SALE-P

Scanned with CamScanner

- قرآن مجید میں موجود آخرت کے کوئی سے تین نام لکھیں۔
- آخرت میں کامیابی کا انحصار کس بات پر ہے؟ نیک اعمال پر

## تفصیلی جواب لکھیں۔

- قرآن و حدیث کی روشنی میں آخرت کی اہمیت واضح کریں۔
- عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کمرا جماعت میں ''دنیا اور آخرت کی زندگی کا فرق'' کے موضوع پر ساتھیوں سے بات چیت کریں۔
- آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ دی ہوئی مثال کے مطابق جدول مکمل کریں۔

| کون سے کام کرنے چاہئیں | کن کاموں سے گریز کرنا چاہیے |
|---|---|
| ماں باپ کا کہنا ماننا | جھوٹ بولنا |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

**برائے اساتذہ**

- عقیدۂ آخرت کی اہمیت اور اعمال کی جواب دہی کے تصور کی وضاحت کریں۔
- طلبہ پر جزا اور سزا کا تصور مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔



Scanned with CamScanner

# (2) ختمِ نبوت اور اطاعتِ رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنّت کی روشنی میں:

- عقیدہ ختم نبوت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو ہمیشہ کے لیے آخری نبی اور رسول جانتے اور مانتے ہوئے یہ جان لیں کہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول مبعوث نہیں ہوگا۔
- اطاعتِ رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اور سنتِ نبوی کے مفہوم سے واقف ہو جائیں۔
- اللہ تعالیٰ کے احکام کی عملی صورت کو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔
- سنت نبوی کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔ سب انبیاء کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا درس دیا۔ سب سے آخر میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ تشریف لائے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ اسی لیے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ خاتم النبیین ہیں۔ جو شخص آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بعد رسالت یا نبوت کا دعویٰ کرے گا، وہ جھوٹا اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ اسی کو عقیدۂ ختم نبوت کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

**مزید جانیے!**

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: میں آخری نبی ہوں اور تم آخری اُمت ہو۔
(سنن ابن ماجہ: کتاب الفتن)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ (سورۃ الاحزاب، آیت:40)

ترجمہ: محمد (رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں بلکہ اللہ کے پیغمبر اور خاتم النبیین (یعنی سلسلۂ نبوت کو ختم کر دینے والے) ہیں اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

downloaded from https://infohubhmssissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

میری اور مجھ سے پہلے کے تمام انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے ایک گھر بنایا اور اس میں ہر طرح کی زینت پیدا کی، لیکن ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹ گئی۔ اب تمام لوگ آتے ہیں اور مکان کو چاروں طرف سے گھوم کر دیکھتے ہیں اور تعجب میں پڑ جاتے ہیں لیکن یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ یہاں پر ایک اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ تو میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نبی آخر الزمان ہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر آخری کتاب قرآن مجید نازل کی گئی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرتِ طیبہ قرآن مجید کی عملی تفسیر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن وسنّت کو محفوظ فرمایا۔ اب قیامت تک کسی اور نبی یا رسول کی ضرورت نہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر دینِ اسلام کی تعلیمات کو مکمل کر دیا گیا ہے۔ اس لیے انسانوں کی کامیابی اور نجات کا واحد راستہ قرآن مجید پر عمل اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت ہے۔

## اطاعتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

اطاعتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے مراد نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے احکام کی پیروی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (سورۃ النساء، آیت:80)

ترجمہ: اور جس نے رسول کی اطاعت کی تو اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

قرآن مجید کی ان آیات سے واضح ہوتا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا چاہتا ہے اس کے لیے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیروی ناگزیر ہے۔ یعنی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جن کاموں کا حکم دیا ہے، ان پر عمل کرے اور جن کاموں سے منع کیا ہے، ان سے رک جائے۔ قرآن مجید میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اسوہ کو بہترین نمونہ قرار دیا گیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

> **فرمانِ الٰہی!**
>
> اور جو چیز تم کو پیغمبر (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔
> (سورۃ الحشر، آیت:7)

یقیناً تمھارے لیے اللہ کے رسول کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔ (سورۃ الاحزاب، آیت:21)

downloaded from https://infobubhrmsolved.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

## سنّتِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اہمیت

سنّت کے معنی طریقے کے ہیں۔ سنّتِ نبوی سے مراد نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا زندگی گزارنے کا طریقہ ہے۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی زندگی میں کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے، گفتگو کرنے، لین دین اور عبادت میں جو طریقہ اختیار کیا ہے، وہ سنّت میں شامل ہے۔ دین میں سنّت کی بنیادی حیثیت ہے اور یہ اسلامی شریعت کا اہم ماخذ ہے۔ سنّت کو جانے بغیر قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل کرنا ممکن نہیں۔ جیسے کہ قرآن مجید میں نماز، روزہ، زکوٰۃ اور جہاد کی فرضیت کا ذکر ہے، لیکن ان کی تفصیل اور طریقہ سنّتِ نبوی سے معلوم ہوتا ہے۔ اس لیے رسول اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ کو تمام اہلِ ایمان کے لیے نمونہ قرار دیا گیا ہے۔ ہمیں عملی زندگی میں نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت و فرماں برداری کرنی چاہیے۔ ہر کام کی انجام دہی میں سنّتِ نبوی سے راہ نمائی لینی چاہیے، تاکہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل ہو۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

جس نے میری سُنّت سے اعراض کیا،
اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔
(صحیح بخاری: کتاب النکاح)

downloaded from https://infohubhimesissed.com/





NOT FOR SALE-PES

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ قرآن مجید میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو کہا گیا ہے:

الف۔ خاتم النبیین — ب۔ کلمۃ اللہ

ج۔ خلیل اللہ — د۔ خلیفۃ الارض

ب۔ حدیث کے مطابق نبوت کو مانند قرار دیا ہے:

الف۔ مکان کے — ب۔ درخت کے

ج۔ پل کے — د۔ دروازہ کے

ج۔ سنّت کے لفظی معنی ہیں:

الف۔ پیروی — ب۔ محبت

ج۔ اطاعت — د۔ طریقہ

د۔ ختم نبوت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان موجود ہے:

الف۔ سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ میں — ب۔ سُوۡرَۃُ آلِ عِمۡرَانَ میں

ج۔ سُوۡرَۃُ الۡاَحۡزَابِ میں — د۔ سُوۡرَۃُ الۡقَلَمِ میں

ہ۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہونے والی کتاب کا نام ہے:

الف۔ توراتِ مقدس — ب۔ زبورِ مقدس

ج۔ انجیلِ مقدس — د۔ قرآن مجید

## 2- خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ اطاعت کے لفظی معنی ________ کے ہیں۔

ب۔ نجات اور کامیابی کے لیے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ________ ضروری ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP
downloaded from https://infohubhrmssissed.com/
Scanned with CamScanner

ج۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کسی نبی یا رسول کی ضرورت نہیں ہے۔

د۔ زندگی کے تمام معاملات میں راہنمائی سنّت نبوی سے ملتی ہے۔

ہ۔ سیرتِ مبارک قرآن مجید کی عملی تفسیر ہے۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ عقیدۂ ختم نبوت کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ب۔ سنّت نبوی کا مفہوم بیان کریں۔

ج۔ اطاعتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہم سے کیا تقاضا کرتی ہے؟

د۔ سنّت نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیروی کیوں ضروری ہے؟

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ قرآن وسنّت کی روشنی میں عقیدۂ ختم نبوت کا مفہوم اور اہمیت بیان کریں۔

ب۔ سنّت نبوی عبادات اور معاملات میں ہماری کس طرح رہنمائی کرتی ہے؟

downloaded from https://

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- عقیدۂ ختم نبوت سے متعلق ایک آیت اور حدیث چارٹ پر تحریر کریں۔
- اپنا جائزہ لیں کہ آپ اپنے روزمرہ معاملات میں کون کون سی سنّت پر عمل کرتے ہیں؟ ایک فہرست تیار کریں۔

**برائے اساتذۂ کرام**

- طلبہ کو اتباعِ سنّت اور اطاعتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی دیگر سنّتوں کے بارے میں آگاہ کریں اور سنّت کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کی تلقین کریں۔



NOT FOR SALE-PESR

Scanned with CamScanner

# ب: عبادات

# (1) زکوٰۃ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- زکوٰۃ کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔
- زکوٰۃ کی فرضیت واحکام سے واقف ہو سکیں۔
- اسلامی نظام معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔
- زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔

## زکوٰۃ کا تعارف

زکوٰۃ کے معنی ہیں پاک ہونا اور بڑھنا۔ زکوٰۃ سے مراد وہ مال ہے، جو عاقل، بالغ اور صاحب نصاب مسلمان پر سال گزرنے کے بعد ادا کرنا لازم ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنا ہر صاحبِ نصاب مسلمان پر فرض ہے۔

**مزید جانیے!**

مصارف زکوٰۃ سے مراد وہ مستحق لوگ ہیں، جنھیں زکوٰۃ دینے کا حکم ہے۔ مصارفِ زکوٰۃ آٹھ ہیں۔

- صاحبِ نصاب اس شخص کو کہتے ہیں جس کے پاس ایک خاص مقدار میں مال جمع ہو اور اس پر ایک سال گزر جائے۔
- نصابِ زکوٰۃ سے مراد مال کی وہ مقدار ہے، جس پر زکوٰۃ فرض ہو جاتی ہے۔ اسلام کے مقرر کردہ نصابِ زکوٰۃ میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی یا ان کی قیمت کے برابر نقد رقم۔

## زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت

زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ زکوٰۃ ایک مالی عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر نماز کے ساتھ زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ (سورۃ المزمل، آیت:20)

ترجمہ: اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو نیک (اور خلوصِ نیت سے) قرض دیتے رہو۔

اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا ایک افضل عبادت ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ بہترین تجارت بھی ہے جس میں انسان کے لیے بہت فائدے ہیں۔

downloaded from https://nmbhrmsspsed.com



Scanned with CamScanner

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے فرمایا:

ترجمہ: ان کے مال میں سے زکوٰۃ قبول کرلو کہ اس سے ہم ان کو (ظاہر میں بھی) پاک اور (باطن میں بھی) پاکیزہ کر دیں۔ (سورۃ التوبہ، آیت 103)

اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے والے کو بہت زیادہ اجر و ثواب ملتا ہے۔ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:



جو شخص اللہ کی راہ میں کوئی چیز خرچ کرے اس کے لیے وہ چیز سات سو گنا بڑھا کر لکھ دی جاتی ہے۔
(جامع ترمذی: کتاب فضائل الجہاد: 1625)

## زکوٰۃ کے فوائد اور معاشرتی اثرات

- زکوٰۃ ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور قرب حاصل ہوتا ہے۔
- زکوٰۃ ادا کرنے سے مال پاک ہو جاتا ہے۔
- زکوٰۃ ادا کرنے سے مال میں کمی نہیں آتی بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے برکت شامل ہوتی ہے۔
- زکوٰۃ ادا کرنے سے انسان کا دل مال کی محبت سے پاک ہو جاتا ہے۔
- زکوٰۃ ادا کرنے سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔
- زکوٰۃ ادا کرنے سے معاشرے سے غربت کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

**فرمانِ مصطفیٰ** صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ
صدقہ گناہوں کو ایسے مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔
(جامع ترمذی: کتاب الایمان: 2616)

زکوٰۃ ادا کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ یہ صرف اصل حق دار ہی کو ملے۔ جب معاشرے میں موجود تمام افراد کی بنیادی ضرورتیں پوری ہوں گی تو وہ باعزت شہری کے طور پر معاشرتی ترقی، خوش حالی اور امن کے لیے کام کریں گے۔ یوں پورا معاشرہ خوشحال اور مستحکم ہوگا۔

https://infohubhrmssisseu.com/ downloaded from



Scanned with CamScanner

# مشق

1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ زکوٰۃ اسلام کا رکن ہے:

الف۔ پہلا　　ب۔ دوسرا

ج۔ تیسرا　　د۔ چوتھا

ب۔ زکوٰۃ کے معنی ہیں:

الف۔ جمع کرنا　　ب۔ خرچ کرنا

ج۔ بڑھنا اور پاک ہونا　　د۔ کم ہونا

ج۔ قرآن مجید میں نماز کے ساتھ ذکر ہے:

الف۔ زکوٰۃ کا　　ب۔ روزہ کا

ج۔ حج کا　　د۔ جہاد کا

د۔ قرآن مجید میں مصارفِ زکوٰۃ کی تعداد ہے:

الف۔ چار　　ب۔ چھے

ج۔ آٹھ　　د۔ دس

ہ۔ حدیث کے مطابق جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوئی چیز خرچ کرے اس کے لیے وہ چیز بڑھا کر لکھ دی جاتی ہے:

الف۔ چار سو گنا　　ب۔ پانچ سو گنا

ج۔ چھے سو گنا　　د۔ سات سو گنا

downloaded from https://infohubhrmssiosed.com



Scanned with CamScanner

## 2- مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ زکوٰۃ کی فرضیت کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ب۔ زکوٰۃ کے بارے میں ایک حدیث مبارک کا ترجمہ لکھیں۔

ج۔ صاحبِ نصاب کسے کہتے ہیں؟

د۔ معاشرے میں غربت کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟

## 3- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ قرآن و سنّت کی روشنی میں زکوٰۃ کی اہمیت اور احکام واضح کریں۔

ب۔ زکوٰۃ کے چند فوائد اور معاشرتی اثرات تحریر کریں۔

downloaded from https://infomubhmssissed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے بچا کر جمع کریں اور اس سے کسی غریب کی مدد کریں۔
- مصارفِ زکوٰۃ کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو زکوٰۃ کے نصاب اور مصارف کے بارے میں مزید بتائیں۔
- طلبہ کو زکوٰۃ اور صدقے کے فرق کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔



Scanned with CamScanner

# (2) جمعۃ المبارک کی فضیلت

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- یومِ جمعہ اور نمازِ جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- نمازِ جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہو سکیں۔
- نمازِ جمعہ کے احکام و آداب جان سکیں۔
- نمازِ جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے جمعہ کی اہمیت کو جان سکیں۔

## ...عۃ المبارک کی اہمیت و فضیلت

...عہ سب سے اہم اور افضل دن ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اسے سیّد الایام ...ی تمام دنوں کا سردار قرار دیا ہے۔ اس دن اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتیں اور برکتیں ...زل ہوتی ہیں۔

> **مزید جانیے!**
>
> نمازِ جمعہ صرف جمعہ کے دن نمازِ ظہر کی جگہ ادا کی جاتی ہے۔

...ہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ جب جمعہ کی اذان دی جائے ...نماز کے لیے دوڑے چلے آئیں۔

...ہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ (سورۃ الجمعہ، آیت: 9)

ترجمہ: اے مومنو! جب جمعے کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد (یعنی نماز) کے لیے جلدی کرو اور (خرید و) فروخت ترک کر دو۔ اگر سمجھو تو یہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔

downloaded from https://infohubhimessissed.com/



Scanned with CamScanner

## یومِ جمعہ اور نمازِ جمعہ کے فضائل

جمعہ کا دن سب سے بہترین دن ہے۔ جمعے کے دن کی فضیلت کے بارے میں نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہوتی ہے جس میں کی گئی دعا اللہ قبول فرماتا ہے۔ (صحیح بخاری: کتاب الجمعۃ)

**جاننے کی بات!**

جمعہ کے دن سُوْرَۃُ الْکَہْف کی تلاوت کی بہت فضیلت ہے۔ (المستدرک للحاکم)

نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

جس نے جمعہ کے دن اچھی طرح وضو کیا پھر وہ نماز پڑھنے آیا اور خاموشی سے جمعہ کا خطبہ سنا تو اس کے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کے اور مزید تین دنوں کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ (صحیح مسلم: کتاب الجمعۃ)

downloaded from https://infohubhamseissed.com/

## نمازِ جمعہ کے احکام و آداب

- جمعہ کی نماز میں دو رکعت فرض ادا کیے جاتے ہیں اور نماز سے پہلے امام خطبہ دیتے ہیں۔
- نماز جمعہ باجماعت ادا کرنا ہر صحت مند اور مقیم مسلمان مرد پر فرض ہے۔
- جان بوجھ کر نماز جمعہ ادا نہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

لوگ نمازِ جمعہ چھوڑنے سے باز آ جائیں، ورنہ اللہ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا اور وہ غافلوں میں شامل ہو جائیں گے۔ (صحیح مسلم: کتاب الجمعۃ)

**یاد رکھیں!**

جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھنا چاہیے۔ اس لیے کہ درود آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر پیش کیا جاتا ہے۔ (سنن ابی داؤد: کتاب الصلاۃ)

- جمعہ کے دن غسل کرنا، ناخن کاٹنا، صاف ستھرے کپڑے پہننا، سرمہ اور خوشبو لگانا سنت ہے۔
- نماز جمعہ کے لیے مسجد میں جلدی پہنچنے اور پہلی صف میں بیٹھنے کی بہت فضیلت ہے۔
- جمعہ کا خطبہ خاموشی اور توجہ سے سننا چاہیے۔
- مسجد میں جہاں جگہ ملے خاموشی سے بیٹھ جانا چاہیے۔



Scanned with CamScanner

## جمعہ کے معاشرتی فوائد


- نماز جمعہ ادا کرنے سے محبت اور اتفاق و اتحاد کی فضا پروان چڑھتی ہے۔
- ایک دوسرے کے حالات سے آگاہی ہوتی ہے۔
- مسلمانوں کے باہمی تعلقات مضبوط ہوتے ہیں۔
- نماز جمعہ کے خطبے میں دینی تعلیمات دی جاتی ہیں۔
- نماز جمعہ مسلمانوں کی اصلاح اور تربیت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

**فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وسلم**

جس نے جمعہ کے دن (اگلی صفوں میں جگہ حاصل کرنے کے لیے) لوگوں کی گردنیں پھلانگیں، اُس نے جہنم کی طرف پُل بنایا۔ (جامع ترمذی: کتاب الجمعۃ)

...مان کو چاہیے کہ وہ جمعہ کے دن نمازِ جمعہ کے لیے اچھی طرح تیاری کرے۔ تمام آداب کا خیال رکھے۔ زیادہ سے زیادہ ...شریف پڑھے اور نمازِ جمعہ کو کسی صورت ترک نہ کرے۔

downloaded from https://infohubhrmssindhed.com/



مسجدِ جمعہ



NOT FOR SALE

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ نمازِ جمعہ ادا کی جاتی ہے:

الف۔ فجر کے وقت
ب۔ ظہر کے وقت
ج۔ عصر کے وقت
د۔ مغرب کے بعد

ب۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو نمازِ جمعہ کے لیے جلدی کرنے کا حکم دیا ہے:

الف۔ سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ میں
ب۔ سُوْرَۃُ آلِ عِمْرَانَ میں
ج۔ سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ میں
د۔ سُوْرَۃُ الْجُمُعَۃِ میں

ج۔ جمعہ کی نماز میں فرض رکعات کی تعداد ہے:

الف۔ دو
ب۔ تین
ج۔ چار
د۔ پانچ

د۔ جمعہ کے دن تلاوت کی فضیلت ہے:

الف۔ سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ کی
ب۔ سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ کی
ج۔ سُوْرَۃُ الْکَھْفِ کی
د۔ سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ کی

ہ۔ حدیث کے مطابق صحیح طریقے سے جمعہ کی نماز ادا کرنے سے مسلمان کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں:

الف۔ ایک دن کے
ب۔ دس دن کے
ج۔ ایک مہینے کے
د۔ ایک سال کے

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ نمازِ جمعہ ادا کرنا مسلمانوں (۰) پر فرض ہے۔

downloaded from https://infohubpermissised.com/



NOT FOR SALE-PE

Scanned with CamScanner

ب۔ نماز جمعہ سے پہلے امام خطبہ دیتا ہے۔

ج۔ نماز جمعہ مسلمانوں کی اصلاح اور شریعت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

د۔ نماز جمعہ کے لیے مسجد میں اگلی صف میں بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

ہ۔ جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھیں۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ نمازِ جمعہ کے بارے میں قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ب۔ نمازِ جمعہ کے دو آداب لکھیں۔

ج۔ یوم جمعہ کی فضیلت کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

د۔ جمعہ کے دن درود پاک پڑھنے کی کیا اہمیت بیان کی گئی ہے؟

downloaded from https://hubhrmsissed.com

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ جمعہ کے دن کو باقی ایام پر کیا فضیلت حاصل ہے؟

ب۔ نمازِ جمعہ کے معاشرتی فوائد تحریر کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- جمعہ کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں اور اپنا جائزہ لیں کہ کیا آپ ان پر عمل کرتے ہیں۔
- جمعہ کے دن سُوْرَۃُ الْکَھْفِ کی تلاوت کو اپنا معمول بنائیں۔

### برائے اساتذۂ کرام

- طلبہ کو جمعہ کے آداب سے آگاہ کریں نیز انھیں آداب کا خیال رکھتے ہوئے نماز جمعہ ادا کرنے کی ترغیب دیں۔
- سبق کے علاوہ یوم جمعہ کی فضیلت مستند احادیث کی روشنی میں تفصیل سے بتائیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

# (3) عیدین

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- عیدین کا تعارف و اہمیت جان سکیں۔
- عیدین کی نماز کے احکام و آداب جان سکیں۔
- فطرانہ و قربانی کی روح سے آگاہ ہو سکیں۔
- عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- عیدین کو اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق منا سکیں۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر روزے رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ (صحیح مسلم: کتاب الصیام)

دینِ اسلام مسلمانوں کو ایک سال میں خوشی منانے کے کئی مواقع فراہم کرتا ہے۔ ان میں سے "عیدالفطر" اور "عیدالاضحیٰ" ایسے ہی دو مواقع ہیں۔ ان دونوں عیدوں کو "عیدین" کہتے ہیں۔

downloaded from https://mlotubhrmaissed.com

## عیدالفطر

مسلمان رمضان المبارک کے روزے مکمل ہونے کی خوشی میں یکم شوال کو عیدالفطر مناتے ہیں۔ عیدالفطر رمضان المبارک کے روزوں کا انعام ہے۔ نمازِ عید سے قبل مسلمان فطرانہ ادا کرتے ہیں۔ عیدالفطر کے موقع پر کچھ غلہ یا رقم بطور صدقہ غریبوں کو دی جاتی ہے، اسے فطرانہ کہتے ہیں۔ یکم رمضان المبارک سے عید کی نماز سے پہلے تک کسی بھی وقت فطرانہ ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ سے غریب، مسکین اور نادار لوگ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہو جاتے ہیں۔

## عیدالاضحیٰ

عیدالاضحیٰ کو عیدِ قربان بھی کہتے ہیں۔ یہ عید 10 ذوالحجہ کو منائی جاتی ہے۔ یہ عید اس واقعہ کی یاد میں منائی جاتی ہے جب حضرت ابراہیم علیہ السّلام اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے خلوص کو قبول فرمایا اور جنت سے ایک مینڈھا بھیجا، جو حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی جگہ قربان کیا گیا۔ مسلمان عیدالاضحیٰ کے دن جانور قربان کر کے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی اسی سنت پر عمل کرتے ہیں۔ قربانی کرنا ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بھی سنت ہے۔ قربانی بے حد اجر و ثواب والا عمل ہے۔ قربانی مسلمانوں کے دلوں میں یہ جذبہ پیدا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔



Scanned with CamScanner

## عیدین کے احکام و آداب

مسلمان "عید الفطر" اور "عید الاضحیٰ" نہایت گرم جوشی سے مناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ عید کی نماز کے لیے اذان اور اقامت نہیں کہی جاتی۔ عید کے دن سورج نکلنے کے تھوڑی دیر بعد مسلمان عید گاہ میں جمع ہوتے ہیں اور دو رکعت نماز ادا کرتے ہیں۔ نمازِ عید میں عام نماز سے کچھ زائد تکبیرات کہی جاتی ہیں۔ نمازِ عید کے بعد امام صاحب خطبہ دیتے ہیں۔ اس خطبے میں مسلمانوں کو آپس میں پیار و محبت اور ہمدردی کا درس دیا جاتا ہے۔ انھیں قربانی اور فطرانے کے مقاصد سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اس خطبے کو خاموشی اور توجہ سے سنیں۔ عید کے موقع پر چند آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے:

> **جاننے کی بات!**
>
> قربانی کے جانور کے ہر بال کے بدلے میں ایک نیکی ملے گی۔
>
> (ابن ماجہ: کتاب الاضاحی)

- عید کے دن نہا دھو کر نئے یا صاف ستھرے کپڑے پہنیں اور خوشبو لگائیں۔
- عید الفطر کے دن عید گاہ جانے سے پہلے میٹھی چیز کھانا جبکہ عید الاضحیٰ کے دن کچھ کھائے بغیر جانا سنت ہے۔
- نمازِ عید کے لیے جاتے ہوئے اور واپس گھر لوٹتے ہوئے الگ الگ راستہ اختیار کرنا سنت ہے۔
- عید گاہ کی طرف جاتے ہوئے اور واپس آتے ہوئے بلند آواز سے تکبیرات پڑھنی چاہییں۔

ان تہواروں کے علاوہ مسلمان میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام سے مناتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhmssissed.com/

## عیدین کے معاشرتی فوائد

- مسلمان ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں۔
- معاشرے میں بھائی چارے اور غم خواری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- عیدین غریبوں اور مسکینوں کی امداد کا ذریعہ بھی ہیں۔
- عید کے خطبہ میں لوگوں کو مختلف دینی مسائل کی تعلیم دی جاتی ہے اور ان کی معاشرتی اصلاح کی جاتی ہے۔

> **یاد رکھیں!**
>
> اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

اسلام عیدین کے موقعے پر نمود و نمائش اور اسراف سے پرہیز کا درس دیتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم عیدین کو اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے احکامات کے مطابق منائیں اور مستحق لوگوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں۔

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ عید الفطر منائی جاتی ہے:

الف۔ یکم شعبان
ب۔ یکم رمضان المبارک
ج۔ یکم شوال ✓
د۔ یکم ذی القعدہ

ب۔ عید الاضحیٰ منائی جاتی ہے:

الف۔ دس ربیع الاوّل
ب۔ دس رجب
ج۔ دس شعبان
د۔ دس ذی الحجہ ✓

ج۔ اپنے بیٹے کو اللہ تعالیٰ کے لیے قربان کرنے پر تیار ہو گئے:

الف۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام ✓
ب۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام
ج۔ حضرت داؤد علیہ السّلام
د۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام

د۔ عید کی نماز میں باجماعت نماز ادا کی جاتی ہے:

الف۔ دو رکعت ✓
ب۔ چار رکعت
ج۔ چھے رکعت
د۔ آٹھ رکعت

ہ۔ عید گاہ کی طرف جاتے ہوئے پڑھی جاتی ہیں:

الف۔ تکبیرات ✓
ب۔ معوّذتین
ج۔ تسبیحات
د۔ مسنون دعائیں

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ دینِ اسلام نے مسلمانوں کو ایک سال میں ______ منانے کے کئی مواقع فراہم کیے ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

عیدالفطر رمضان المبارک کے روزوں کا ______ ہے۔

عید کے لیے ______ نہیں دی جاتی۔

عید کے خطبے کو ______ سے سننا چاہیے۔

قربانی کے جانور کے ______ کے بدلے میں ایک نیکی ملے گی۔

## مختصر جواب لکھیں۔

عیدین سے کیا مراد ہے؟

فطرانہ کسے کہتے ہیں؟

عیدین کے موقع پر ہمیں غرباء اور مساکین کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے؟

عید کی نماز کے خطبہ میں مسلمانوں کو کن باتوں کا درس دیا جاتا ہے؟

## تفصیلی جواب لکھیں۔

عیدین کی اہمیت اور احکام لکھیں۔

عیدین کے معاشرتی، فوائد و اثرات بیان کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

عیدین کے اثرات اور مصروفیات کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کریں۔

ایک چارٹ پر تکبیرات خوش خط لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کے درمیان ایک مذاکرہ کروائیں جس سے عیدالاضحیٰ کی قربانی کی اہمیت اور فلسفہ واضح ہو۔
- عیدین کی بدولت حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد واضح کریں۔

downloaded from https://infohubformssissed.com/



NOT FOR SALE

Scanned with CamScanner

باب سوم

# سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

## (1) معراج النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- اسراء اور معراج کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔
- سفرِ معراج کے واقعہ سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔
- مسجدِ اقصیٰ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی امامتِ انبیاءِ کرام علیہم السلام کے بارے میں جان سکیں۔
- بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اور عرشِ معلیٰ کا مطلب سمجھ سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے عظیم معجزہ معراج اور اس کے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔

قرآن مجید اور روایات کے مطابق معراج سے مراد وہ سفر ہے جس میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ اور پھر آسمانوں کی سیر کی۔ سفرِ معراج کے دو حصے ہیں: پہلا حصہ بیت اللہ سے مسجدِ اقصیٰ تک کا سفر ہے، جسے اسراء کہا جاتا ہے، جب کہ دوسرا حصہ بیت المقدس سے عرشِ مُعلّٰی تک کا سفر ہے جسے معراج کہتے ہیں۔ معراج کے معنی بلندی اور اسرا کے معنی ہیں: چلنا یا سیر کرنا۔ ارشادِ ربانی ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝

(سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 1)

ترجمہ: وہ (ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجدِ حرام یعنی (خانہ کعبہ) سے مسجدِ اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے اردگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں، لے گیا تاکہ ہم اسے اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں۔ بے شک وہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اپنے چچا حضرت ابوطالب اور زوجہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے بعد بہت افسردہ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو عرش پر بلایا تاکہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا مشاہدہ کر سکیں۔

downloaded from https://infobubhrmaeissed.com/



Scanned with CamScanner

...رات حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ آرام فرما رہے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام ...پ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس حاضر ہوئے اور آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دل کو زم زم کے پانی ...ے دھویا۔ پھر جنت سے لائی گئی ایک سواری (بُراق) پیش کی گئی۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اس پر سوار ہو کر ...ت المقدس پہنچے۔ وہاں پر موجود تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی امامت میں نماز ادا ...۔ اس کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ دوبارہ بُراق پر سوار ہوئے اور آسمانوں کی طرف سفر شروع کیا۔

آسمانوں پر آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ملاقات درج ذیل انبیاء کرام علیہم السلام سے ہوئی:

- پہلے آسمان پر — حضرت آدم علیہ السلام
- دوسرے آسمان پر — حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- تیسرے آسمان پر — حضرت یوسف علیہ السلام
- چوتھے آسمان پر — حضرت ادریس علیہ السلام
- پانچویں آسمان پر — حضرت ہارون علیہ السلام
- چھٹے آسمان پر — حضرت موسیٰ علیہ السلام
- ساتویں آسمان پر — حضرت ابراہیم علیہ السلام

**یاد رکھیں!**

عرش کا مطلب "تخت" ہے
عرشِ معلّٰی سے مراد عرشِ الٰہی ہے جو آسمانوں سے اوپر ہے۔

...تویں آسمان پر آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے لیے بیت المعمور ظاہر کیا گیا۔ بیت المعمور عین خانہ کعبہ کے اوپر ...، ہر روز ستر ہزار فرشتے بیت المعمور کا طواف کرتے ہیں اور جو فرشتہ ایک بار طواف کر لیتا ہے پھر قیامت تک اس کی ...ی نہیں آئے گی۔ اس کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سدرۃ المنتہیٰ کی جانب سفر شروع کیا۔ سدرۃ المنتہیٰ ...تویں آسمان پر بیری کا ایک درخت ہے۔ اس مقام سے آگے فرشتے بھی نہیں جا سکتے۔ یہاں سے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ ...لٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے عرشِ معلّٰی تک کا سفر اکیلے طے کیا۔ عرشِ معلّٰی پر آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ ...ے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ اسی موقع پر پانچ نمازوں کا تحفہ بھی دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ ...لٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو واپسی کے راستے میں جنّت اور جہنّم دکھائی گئیں۔

downloaded from https://informationsissed.com/


Scanned with CamScanner

اگلی صبح نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اس سفر کا ذکر لوگوں سے کیا تو لوگوں نے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا یقین نہیں کیا۔ کچھ لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ آپ کے صاحب رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ آسمانوں کی سیر (معراج) کا ذکر کر رہے ہیں۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے کہا کہ اگر یہ الفاظ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی زبان مبارک سے ادا ہوئے ہیں تو میں ان کی تصدیق کرتا ہوں۔ اسی لیے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق کہا جاتا ہے۔

معراج النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا واقعہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا بہت بڑا معجزہ ہے۔ اس سے ہمیں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی عظمت و بزرگی کا پتہ چلتا ہے۔ اس واقعے سے ہمیں یہ سبق بھی ملتا ہے کہ وقت کا چلنا اور فاصلوں کا سمٹنا سب اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہے۔ اللہ تعالیٰ جب چاہے وقت کی رفتار کو روک لے اور زمین و آسمان کے فاصلوں کو اپنی قدرت سے سمیٹ دے۔ ہمیں نمازوں کے تحفے کی قدر کرنی چاہیے اور نماز کو باقاعدگی سے ادا کرنا چاہیے۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ**

وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ

اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے

(سنن نسائی: کتاب عشرة النساء)

downloaded from https://infohubhimsissed.com/



مسجدِ اقصیٰ

# مشق

**1. درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔**

الف۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی امامت فرمائی:

الف۔ بیت المقدس میں　　ب۔ مسجدِ حرام میں

ج۔ مسجدِ نبوی میں　　د۔ مسجدِ قبا میں

ب۔ حضرت جبریل علیہ السلام مقام سے آگے نہ جاسکے:

الف۔ سدرۃ المنتہیٰ سے　　ب۔ بیت المعمور سے

ج۔ عرشِ معلّٰی سے　　د۔ مسجد الحرام سے

ج۔ عرشِ معلّٰی موجود ہے:

الف۔ پہلے آسمان پر　　ب۔ چوتھے آسمان پر

ج۔ ساتویں آسمان پر　　د۔ آسمانوں سے اوپر

د۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا ہے:

الف۔ نماز کو　　ب۔ روزے کو

ج۔ زکوٰۃ کو　　د۔ جہاد کو

ہ۔ بیت المعمور عین اوپر ہے:

الف۔ بیت المقدس کے　　ب۔ خانہ کعبہ کے

ج۔ مسجدِ اقصیٰ کے　　د۔ مسجدِ نبوی کے

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

## 2۔ کالم ملائیے۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| پہلے آسمان پر | حضرت موسیٰ علیہ السلام |
| دوسرے آسمان پر | حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام |
| تیسرے آسمان پر | حضرت ادریس علیہ السلام |
| چوتھے آسمان پر | حضرت آدم علیہ السلام |
| پانچویں آسمان پر | حضرت ہارون علیہ السلام |
| چھٹے آسمان پر | حضرت یوسف علیہ السلام |
| ساتویں آسمان پر | حضرت ابراہیم علیہ السلام |
| | حضرت داؤد علیہ السلام |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ سفرِ معراج سے کیا مراد ہے؟

ب۔ سدرۃ المنتہیٰ کیا ہے؟

ج۔ بیت المعمور کون سی جگہ ہے؟

د۔ سفرِ معراج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟



Scanned with CamScanner


## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ معراج النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا پس منظر اپنے الفاظ میں لکھیں۔

ب۔ سفرِ معراج کے بارے میں جاننے کے بعد کفارِ مکہ کا کیا ردِ عمل تھا؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی کسی مستند کتاب سے سفرِ معراج کے واقعات تفصیل سے پڑھیں۔
- نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو سفرِ معراج میں کون سی نشانیاں دکھائی گئیں؟




**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو بتائیں کہ یہ ایک عظیم معجزہ ہے۔ طلبہ کو سفرِ معراج کی مزید تفصیل اور اغراض و مقاصد دلچسپ پیرائے میں بتائیں۔
- طلبہ کو سبق میں شامل اصطلاحات کی وضاحت کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://mahubhrmssissed.com/

Scanned with CamScanner

# (2) بیعت عَقَبَہ اُولیٰ وثانیہ

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔
- بیعت عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔
- فروغ اسلام میں بیعت عقبہ کے دُور رس نتائج جان سکیں۔

## تعارف

نبوت کے گیارھویں سال حج کے دنوں میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ منیٰ کے میدان میں تشریف لے گئے۔ وہاں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حج کے لیے آنے والے قبائل کو دینِ حق کی دعوت دی۔

**مزید جانیے!**

بیعت کے معنی ہیں: اطاعت و وفاداری کا عہد کرنا

ایک روز عقبہ کے مقام پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ملاقات یثرب کے چھے افراد سے ہوئی۔ ان لوگوں نے نبی آخر الزمان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی آمد کے بارے میں مدینہ منورہ کے یہود سے سن رکھا تھا۔ جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ان افراد کو اسلام کی دعوت دی تو انھوں نے فوراً قبول کرلی۔ پھر انھوں نے مدینہ منورہ واپس جا کر اپنے خاندان اور رشتے داروں کو اسلام کی طرف بلایا۔

## بیعتِ عقبہ اولیٰ

**جاننے کی بات!**

مکہ مکرمہ سے منیٰ آتے جاتے ہوئے منیٰ کے مغربی کنارے سے گزرنا پڑتا تھا۔ یہی گزرگاہ عقبہ کے نام سے مشہور ہے۔

نبوت کے بارھویں سال حج کے موقع پر مدینہ منورہ کے بارہ اشخاص منیٰ کی اسی گھاٹی میں اسلام میں داخل ہوئے اور نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بیعت کی۔ تاریخِ اسلام میں اس بیعت کا نام "بیعت عقبہ اولیٰ" ہے۔

یہ بیعت درج ذیل باتوں پر کی گئی:

- ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔
- چوری نہیں کریں گے۔
- اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گے۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infohubhrmsaissed.com/

Scanned with CamScanner

- کسی پر بہتان نہیں لگائیں گے۔
- نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں گے۔

پھر نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم میں سے جس نے اس بیعت کی پابندی کی تو اس کے لیے جنّت ہے اور اگر کسی نے ان چیزوں میں کوئی خیانت کی تو اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

بیعت عقبہ اولیٰ "بیعت نساء" کے نام سے مشہور ہوئی۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں دو عورتیں اور تہتر (73) مرد شامل تھے۔

نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ان اشخاص کو رخصت کرتے وقت حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ منورہ میں ان کا قائد اور امام مقرر فرمایا۔ اس موقع پر اہلِ یثرب نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے یہ درخواست کی کہ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہمارے ساتھ کوئی معلّم بھیجیں جو ہمیں قرآن مجید کی تعلیم دے۔ چنانچہ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت مُصْعَب بن عُمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان لوگوں کے ساتھ مدینہ منورہ بھیج دیا۔ وہ مدینہ منورہ میں حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مہمان بنے۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت و تبلیغ بہت مؤثر ثابت ہوئی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کے نتیجے میں کئی بااثر اور نامور شخصیات نے اسلام قبول کرلیا۔

## بیعت عقبہ ثانیہ

بیعت عقبہ اولیٰ کے ایک سال بعد حج کے موقع پر مدینہ منورہ کے تقریباً پچھتر (75) اشخاص نے منیٰ کی اسی گھاٹی میں نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ انھوں نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو مدینہ منورہ آنے کی دعوت بھی دی۔

اس موقع پر بھی نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے وفاداری کا ثبوت دیا اور اہلِ یثرب سے کہا: اگر مرتے دم تک نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ساتھ دے سکتے ہو تو بہتر ورنہ ابھی سے کنارہ کش ہو جاؤ۔ انھوں نے یہ عہد کیا کہ ہم لوگ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اور اسلام کی حفاظت کے لیے اپنی جان قربان کر دیں گے۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ: اے اہلِ یثرب! میرا جینا مرنا تمھارے ساتھ ہوگا۔ تمھارا خون میرا خون ہے اور تم میرے ہو، میں تمھارا ہوں۔

**یاد رکھیں!**

اس موقع پر آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے انصار کے مطالبے پر بارہ نقیب بھی مقرر فرمائے۔ یہ بڑے بڑے خاندانوں کے سردار تھے۔

بیعت عقبہ ثانیہ ایک عظیم کامیابی ہے۔ یہ بیعت ہجرتِ مدینہ کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔ جس کے نتیجے میں مدینہ منورہ کی شکل میں ایک اسلامی ریاست وجود میں آئی۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infohubnotessisset.com/

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

نبوت کے گیارھویں سال مدینہ منورہ کے افراد نے اسلام قبول کیا:

الف۔ پانچ　　ب۔ چھے

ج۔ سات　　د۔ آٹھ

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی طرف سے قائد اور امام مقرر فرمائے گئے:

الف۔ حضرت براء بن معرور رضی اللہ تعالیٰ عنہ　　ب۔ حضرت ابوالہیثم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ج۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ　　د۔ حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بیعتِ عقبہ ثانیہ کے موقع پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انصار کے مطالبے پر نقیب مقرر فرمائے:

الف۔ دس　　ب۔ گیارہ

ج۔ بارہ　　د۔ تیرہ

بیعت عقبہ ثانیہ ہوئی:

الف۔ نبوت کے گیارھویں سال　　ب۔ نبوت کے بارھویں سال

ج۔ نبوت کے تیرھویں سال　　د۔ نبوت کے چودھویں سال

بیعت عقبہ ثانیہ میں مدینہ منورہ کے افراد نے اسلام قبول کیا:

الف۔ بہتّر (72)　　ب۔ تہتّر (73)

ج۔ چوہتّر (74)　　د۔ پچھتّر (75)

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ نبوّت کے بارھویں سال مدینہ منورہ کے بارہ اشخاص نے ______ کے مقام پر اسلام قبول کیا۔

ب۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ میں ______ کے مہمان بنے۔

ج۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے موقع پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا عباس بھی موجود تھے۔

د۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کے نتیجے میں کئی بااثر لوگوں نے اسلام قبول کیا۔

و۔ جس نے بیعت کے امور میں خیانت کی اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ اہلِ مدینہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بعثت کے بارے میں کیسے جانتے تھے؟

ب۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے نبوت کے بارھویں سال کس صحابی کو معلّم بنا کر بھیجا اور کیوں؟

ج۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اہلِ مدینہ کو کن الفاظ میں تسلّی دی؟

د۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کن باتوں پر بیعت لی؟

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ بیعتِ عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ب۔ بیعتِ عقبہ اولیٰ وثانیہ سے کیا نتائج حاصل ہوئے؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کمرا جماعت میں بیعت عقبہ کی شرائط کو دہرائیں۔
- بیعتِ عقبہ میں شامل چھے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے ناموں کا چارٹ بنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔ بیعت عقبہ کی شرائط واضح کریں اور مزید واقعات سنائیں۔
- بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ میں شامل اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے نام اور ان کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (3) ہجرتِ مدینہ

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ہجرت کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ کے تناظر میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار اور امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ منورہ کے واقعات، اسباب اور نتائج مختصر طور پر جان سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ منورہ کے حوالے سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار کے متعلق جان سکیں۔

دینِ اسلام میں ہجرت سے مراد اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی دوسری جگہ منتقل ہونا ہے۔

**مزید جانیے!**

ہجرت کا لفظی معنی ہے: اپنا علاقہ یا وطن چھوڑ کر دوسری جگہ پر آباد ہونا۔

نبوّت کے اعلان کے بعد تیرہ سال تک حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور ان کے ساتھیوں کو مکہ مکرمہ میں بہت ستایا گیا۔ جب مدینہ منورہ میں اسلام کی روشنی تیزی سے پھیلنے لگی تو اللہ تعالیٰ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مکہ مکرمہ کے مسلمانوں کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی۔ کفارِ مکہ کے لیے یہ صورت حال پریشان کن تھی کہ ان کی تمام تر مخالفت کے باوجود اسلام کی اشاعت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انھوں نے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے خلاف آخری قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ قریش کے سرکردہ لوگ دَارُالنَّدْوَة میں جمع ہوئے اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے خلاف مختلف تدابیر سوچنے لگے۔ ابو جہل کی تجویز پر آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو (نعوذ باللہ) قتل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا۔

**جاننے کی بات!**

دَارُالنَّدْوَة قریشِ مکہ کی پارلیمنٹ تھی جہاں وہ اکٹھے ہو کر اہم معاملات پر فیصلے کرتے تھے۔

رات کے وقت کافروں نے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے گھر کا محاصرہ کر لیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو کفارِ مکہ کی سازش کی اطلاع حضرت جبریل علیہ السّلام کے ذریعے دی۔ ساتھ ہی آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو مدینہ منورہ ہجرت کا حکم دیا۔ چنانچہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے رفیق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رازداری سے آگاہ کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سفر کی تیاری کے لیے سواری تیار کی۔



Scanned with CamScanner

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پاس قریش کی کچھ امانتیں بھی تھیں۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ میرے بستر پر لیٹ جائیں اور اگلی صبح لوگوں کی امانتیں واپس کر کے مدینہ منورہ چلے آئیں۔

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سورۃ یٰسٓ کی تلاوت کرتے ہوئے گھر سے نکلے، اپنے ساتھی حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لے کر ہجرت کا سفر شروع کیا اور مکہ مکرمہ سے نکل کر غارِ ثور میں پناہ لی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت کے راستے میں نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہر طرح سے خیال رکھا۔

اسی دوران میں حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے قریش کی تمام نقل و حرکت کی خبر پہنچاتے رہے اور حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنھا کھانا پہنچاتی رہیں۔ اس طرح آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پورا گھرانہ ہجرت کے عمل میں معاون رہا۔

اگلی صبح کفارِ مکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بستر پر دیکھ کر سخت برہم ہوئے۔ انھوں نے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تلاش شروع کر دی۔ ساتھ ہی اعلان بھی کر دیا کہ جو شخص آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور ان کے ساتھی کو گرفتار کر کے لائے گا، اسے سو اونٹ انعام میں دیے جائیں گے۔ انعام کے لالچ میں بہت سے لوگ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ چند لوگ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو تلاش کرتے کرتے غار کے دہانے پر پہنچ گئے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے اپنی بے چینی کا اظہار کیا۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ غم نہ کرو، اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔

غارِ ثور میں تین دن قیام کے بعد آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مدینہ منوّرہ کی طرف روانہ ہوئے اور سب سے پہلے مدینہ منورہ کی نواحی بستی قبا میں قیام فرمایا اور وہاں اسلام کی پہلی مسجد قبا تعمیر کی، جسے مسجدِ تقویٰ بھی کہا جاتا ہے۔

جب آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ یثرب پہنچے تو اہلِ یثرب نے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا پُرجوش استقبال کیا۔ بچیوں نے خوشی کے گیت گائے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی میزبانی کا شرف حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہوا۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی۔

**یاد رکھیں!**

مدینہ منورہ کا پرانا نام یثرب تھا۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے یثرب تشریف لانے کے بعد یثرب کا نام "مدینۃ النبی" پڑ گیا۔

مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی۔ مدینہ منورہ کی صورت میں مسلمانوں کو ایک مضبوط مرکز مل گیا اور یہاں سے اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا ایک نیا دور شروع ہوا۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ اعلانِ نبوّت کے بعد نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مکہ مکرمہ میں قیام کیا:

الف۔ گیارہ سال تک ب۔ بارہ سال تک ج۔ تیرہ سال تک د۔ چودہ سال تک

ب۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے غارِ ثور میں قیام کیا:

الف۔ ایک دن ب۔ دو دن ج۔ تین دن د۔ چار دن

ج۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو کُفارِ مکہ کی سازش کی اطلاع دی:

الف۔ حضرت جبریل علیہ السّلام کے ذریعے ب۔ حضرت میکائیل علیہ السّلام کے ذریعے
ج۔ حضرت عزرائیل علیہ السّلام کے ذریعے د۔ حضرت اسرافیل علیہ السّلام کے ذریعے

د۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو قریش کے کس سردار کی تجویز پر (نعوذ باللہ) قتل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا؟

الف۔ عتبہ ب۔ ابوجہل ج۔ ابولہب د۔ ولید

ہ۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اسلام کی پہلی مسجد تعمیر کی:

الف۔ صفا کی پہاڑی پر ب۔ مروہ کی پہاڑی پر ج۔ قبا میں د۔ غارِ ثور میں

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ہجرت کا لفظی معنی ترکِ وطن یا چھوڑنا ہے۔

ہجرت کے وقت نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ یٰسین کی تلاوت فرما رہے تھے۔

دَارُالنَّدْوَۃ قریش مکہ کی پارلیمان تھی۔

downloaded from https://infohubhmsissed.com/



NOT FOR SAI

Scanned with CamScanner

د۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے قریش کی تمام نقل وحرکت کی خبر پہنچاتے رہے۔

و۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ منورہ میں اسلام کی بنیاد رکھی۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہجرتِ مدینہ کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا حکم دیا؟

ب۔ ہجرتِ مدینہ کے دو اسباب بیان کریں۔

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

د۔ کفارِ مکہ نے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے کیا اعلان کیا؟




## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ ہجرتِ مدینہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار کی وضاحت کریں۔

ب۔ ہجرتِ مدینہ کے نتائج تحریر کریں۔

## ر گرمیاں برائے طلبہ

- سفرِ ہجرت کے نقشے میں اہم مقامات کی نشان دہی کریں۔
- نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی حیاتِ طیبہ: نزولِ وحی تا ہجرتِ مدینہ کے تمام واقعات پر مبنی ایک زبانی کوئز کا اہتمام کریں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو سراقہ بن مالک کے تعاقب کا واقعہ تفصیل سے بتائیں۔
- کمرا جماعت میں ہجرت کی اہمیت وفضیلت کے بارے میں سیر حاصل گفتگو کریں اور بتائیں کہ ہجری کیلنڈر کا آغاز ہجرتِ مدینہ سے ہوا۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

# (4) مواخاتِ مدینہ

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مواخاتِ مدینہ کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔
- مواخاتِ مدینہ کے تناظر میں اخوت اور بھائی چارے کے تصور کو ...
- مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں اور مواخاتِ مدینہ کی ہمیشہ کے لیے اہمیت کو جان سکیں۔
- معاشرے میں مواخات اور بھائی چارے کے فوائد اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔

**مزید جانیے!**

مواخات کے معنی ہیں: بھائی چا...

نبوت کے تیرھویں سال مسلمانوں نے کفار کے مظالم سے تنگ آ کر مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی۔ جو لوگ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے، وہ مہاجرین کہلائے۔ مدینہ منورہ میں رہنے والے مسلمانوں کو انصار کہتے ہیں۔ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ پہنچنے والے مسلمان خالی ہاتھ تھے۔ ان کا کوئی ذریعۂ معاش نہ تھا۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مہاجرین کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مہاجرین اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا جسے "مواخاتِ مدینہ" کہتے ہیں۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انصار اور مہاجرین کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر جمع کیا اور ان کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ ان کی کل تعداد نوّے تھی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایک مہاجر کا ہاتھ ایک انصاری کے ہاتھ میں دیا اور فرمایا کہ آج سے تم دونوں بھائی بھائی ہو۔ یوں یہ لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد کے ساتھی قرار پائے۔ انصار نے مہاجرین کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ انھیں اپنے گھر لے گئے اور اپنی ہر چیز میں شریک کیا۔

حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا: میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار ہوں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرا مال دو حصوں میں تقسیم کر کے آدھا حصہ لے لیں۔ ضرورت مند ہونے کے باوجود حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آدھا مال لینے سے انکار کر دیا۔ انھوں نے اپنے بھائی پر بوجھ بننے کی بجائے خود محنت مزدوری کرنے کا فیصلہ کیا جس کے نتیجے میں وہ جلد ہی خوشحال ہو گئے۔

downloaded from https://infohubrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

نصار مدینہ کاشت کاری کیا کرتے تھے جب کہ اکثر مہاجرین کا پیشہ تجارت تھا۔ ان دونوں گروہوں کے میل جول سے
ینہ منورہ کے معاشرے میں استحکام آیا، امن قائم ہوا اور خوش حالی آئی۔ مواخات کے نتیجے میں مسلمانوں میں محبت و الفت
کا رشتہ مزید پختہ ہو گیا۔

واخات ایک عظیم رشتہ ہے۔ یہ رشتہ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی زبردست حکمت و دانائی کو ظاہر کرتا ہے۔
س کے نتیجے میں مسلمانوں میں محبت و اخوت کا رشتہ قائم ہوا۔ ان میں خیر خواہی اور ایثار کا جذبہ پروان چڑھا۔ معاشرے
ں استحکام پیدا ہوا۔ درحقیقت، مواخاتِ مدینہ میں امتِ مسلمہ کے لیے پیغام ہے کہ مسلمانوں میں اصل رشتہ ایمان
ا ہے۔

**فرمانِ مصطفٰی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

مسلمان آپس میں ایک جسم کی مانند ہیں۔ جسم کا ایک عضو بیمار پڑ جائے تو سارا جسم بے چینی اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

(صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب: 2586)

یں چاہیے کہ اس رشتے کا احترام اور پاسداری
ریں۔ اپنے مسلمان بھائیوں کے حقوق ادا کریں
کہ مسلم معاشرہ امن و سکون کا گہوارہ بن سکے۔




NOT FOR SALE-PESRP
downloaded from https://infohubhmaissed.com/
Scanned with CamScanner

# مشق

**1. درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔**

الف۔ مسلمانوں نے نبوت کے تیرھویں سال کفار کے مظالم سے تنگ آ کر مکہ مکرمہ سے ہجرت کی:

الف۔ حجاز کی طرف　　ب۔ طائف کی طرف

ج۔ مدینہ منورہ کی طرف　　د۔ حبشہ کی طرف

ب۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے انصار اور مہاجرین کو کن کے مکان پر جمع کیا؟

الف۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ　　ب۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ج۔ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ　　د۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

downloaded from https://infohubbrmssissed.com/

ج۔ مواخات کے وقت انصار اور مہاجرین کی تعداد تھی:

الف۔ ستر　　ب۔ اسی

ج۔ نوے　　د۔ سو

د۔ مہاجرین کا پیشہ تھا:

الف۔ کھیتی باڑی　　ب۔ تجارت

ج۔ باغبانی　　د۔ قالین بانی

ہ۔ مواخات مدینہ کے نتیجے میں محبت و الفت کا رشتہ مضبوط ہو گیا:

الف۔ مسلمانوں کے درمیان　　ب۔ یہود اور مسلمانوں کے درمیان

ج۔ کفار اور یہود کے درمیان　　د۔ کفار اور مسلمانوں کے درمیان

**2. خالی جگہ پر کریں۔**

الف۔ مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات کا رشتہ قائم ہوا۔

ب۔ مسلمانوں میں اصل رشتہ ایمان کا ہے۔



Scanned with CamScanner

ج- انصار و مہاجرین کے میل جول سے مدینہ منورہ کے معاشرے میں سماجی بدلاؤ آیا۔
د- انصار مدینہ کا پیشہ کاشتکاری تھا۔
ہ- مواخات کے نتیجے میں مسلمانوں میں محبت اور الفت کا رشتہ مزید پختہ ہو گیا۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

الف- مواخاتِ مدینہ سے کیا مراد ہے؟
ب- نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انصار اور مہاجرین کے درمیان مواخات کا رشتہ کیوں قائم کیا؟
ج- حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا کہا؟
د- اخوت کے کوئی سے دو فائدے تحریر کریں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

الف- انصار اور مہاجرین کے طرزِ عمل کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
ب- مواخاتِ مدینہ کی اہمیت اور اثرات بیان کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ

- طلبہ کمرا جماعت میں موجودہ دور میں مواخات کی ممکنہ صورتوں پر گفتگو کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو سیرت کی کتب سے مہاجرین اور انصار کی اخوت اور محبت کے مزید واقعات سنائیں۔
- طلبہ کو اخوت اور بھائی چارے کے تصور اور معاشرے پر پڑنے والے اثرات کو آسان پیرائے میں سمجھائیں۔



Scanned with CamScanner

# (5) مسجدِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## حاصلاتِ تعلّم:


اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مسجد نبوی سے متعارف ہو سکیں۔
- مسجد نبوی کی تعمیر کے متعلق جان سکیں۔
- مسجد نبوی کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت کو
- روضۂ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے حوالے سے مسجد نبوی کی اہمیت جان سکیں۔
- مسجد نبوی کی فضیلت اور تاریخی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔

ہجرتِ مدینہ کے بعد حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان میں قیام فرمایا۔ اس کے بعد نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سب سے پہلے مدینہ منورہ میں مسجد کی تعمیر کا ارادہ فرمایا۔ جس زمین کو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مسجد کی تعمیر کے لیے پسند کیا، وہ دو یتیم بچوں سہل اور سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ملکیت تھی۔ ان دونوں بچوں نے اپنی زمین بغیر کسی معاوضے کے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کر دی۔ لیکن آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے زمین کی پوری قیمت ادا کی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اس زمین پر جو مسجد تعمیر فرمائی، اسے مسجدِ نبوی کہتے ہیں۔

> **مزید جانیے!**
>
> مسجد نبوی کی دیواریں کچی اینٹوں اور گارے سے بنائی گئیں۔ مسجد کے ستون کھجور کے تنوں سے بنائے گئے۔ چھت کھجور کے پتوں اور شاخوں کی تھی۔ فرش بھی کچا تھا۔ مسجد کے تین دروازے بنائے گئے۔

انصار و مہاجرین میں سے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مسجد کی تعمیر میں شریک ہوئے۔ خود نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ان کے ساتھ تعمیر میں حصہ لیا۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اُمّہات المؤمنین رضی اللہ عنہن کے لیے مسجد سے متصل چند حجرے بھی تعمیر فرمائے۔



downloaded from https://informationsspread.com/



NOT FOR SALE-PE

Scanned with CamScanner

## مسجد نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی فضیلت

مسجد نبوی مقدس ترین مساجد میں سے ایک ہے۔ مسجد نبوی میں نماز پڑھنا بہت فضیلت والا عمل ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسجد نبوی کی فضیلت اس طرح بیان فرمائی:

میری اس مسجد میں نماز، مسجد حرام کے سوا، تمام مساجد میں نماز سے ایک ہزار درجہ زیادہ افضل ہے۔

(صحیح بخاری: کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ)

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا روضۂ مبارک بھی مسجد نبوی میں ہے۔ حج کے لیے جانے والے لوگ مسجد نبوی اور روضۂ رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی زیارت بھی کرتے ہیں۔ مسجد نبوی میں ایک مقام ہے، جسے ریاض الجنہ کہتے ہیں۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کی زمین جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

(صحیح بخاری: کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ)

## مسجد نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمی، معاشرتی اور تاریخی اہمیت

اسلام کی پہلی درس گاہ "صُفّہ" بھی مسجد نبوی میں ہی قائم کی گئی۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسجد کے ساتھ غریب اور نادار مسلمانوں کے قیام اور تعلیم کے لیے ایک چبوترہ بنوایا، جو صُفّہ کے نام سے مشہور ہوا۔ یہاں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہر وقت آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت پر مامور رہتے اور دین کی تعلیم حاصل کرتے۔ یہ صحابہ "اصحابِ صُفّہ" کہلائے۔

Downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

مسجد نبوی اسلامی ریاست کا ایک اہم مرکز بنی۔ یہ مسلمانوں کے لیے عبادت گاہ کے ساتھ ساتھ ایک تربیت گاہ بھی تھی۔ یہاں مسلمانوں کو دینِ اسلام کی تعلیم دی جاتی۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اہم معاملات پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے مشاورت فرماتے۔ جہاد پر روانگی سے قبل مجاہدین یہاں جمع ہوتے اور حکمت عملی تیار کرتے۔ دوسرے ملکوں اور قبیلوں سے آنے والے وفود کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا جاتا اور اہم معاملات پر ان سے گفتگو کی جاتی۔ اسی مرکز سے اسلام کی نشر و اشاعت کے لیے وفود اور جماعتوں کو روانہ کیا جاتا ہے۔ خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے مختلف ادوار میں مسجد نبوی میں توسیع کی۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کن کے مکان میں قیام فرمایا؟

الف۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ب۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ج۔ حضرت عباد بن بشر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

د۔ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ب۔ مسجد نبوی میں رہتے تھے:

الف۔ اصحابِ صُفّہ

ب۔ اصحاب الیمن

ج۔ اصحابِ مکہ

د۔ اصحاب الکہف

ج۔ مسجدِ نبوی کے لیے جو جگہ منتخب کی گئی، وہ ملکیت تھی:

الف۔ حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی

ب۔ حضرت سعد اور سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی

ج۔ حضرت معاذ اور معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی

د۔ حضرت سہل اور سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی

د۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مسجد سے متصل تعمیر فرمائے:

الف۔ شفاخانے

ب۔ چبوترے

ج۔ حجرے

د۔ مسافر خانے

اسلام کی پہلی درس گاہ ہے:

الف۔ مسجدِ اقصیٰ

ب۔ مسجدِ نبوی

ج۔ مسجدِ قبا

د۔ مسجدِ بلال

## خالی جگہ پُر کریں۔

مسجدِ نبوی کی ______ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ شریک ہوئے۔

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ______ کی پوری قیمت ادا کی۔

مسجدِ نبوی کی تعمیر میں ______ شریک ہوئے۔

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/



NOT FOR SA

Scanned with CamScanner

د۔ مسجد نبوی میں نادار اور غریب مسلمانوں کے قیام اور تعلیم کے لیے ________ تعمیر کیا گیا۔

ہ۔ خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے مختلف ادوار میں مسجد نبوی کی ________ کی۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ مسجد نبوی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی فضیلت میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

ب۔ اصحابِ صُفّہ کون تھے؟

ج۔ نبی اکرم صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا روضۂ مبارک کہاں ہے؟

د۔ ریاض الجنّۃ سے کیا مراد ہے؟

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ مسجد نبوی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی فضیلت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ب۔ مسجد نبوی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی معاشرتی اور تاریخی اہمیت واضح کریں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- مختلف ادوار میں مسجد نبوی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی توسیع کی تصاویر کی مدد سے خاکے تیار کریں اور تصویری کتابچہ مرتّب کریں۔
- موجودہ دور کی مسجد نبوی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تصویر اپنی کاپی میں لگائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو نبی اکرم صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی مدینہ منورہ میں آمد اور مسجد نبوی کی تعمیر کے واقعات تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو سمعی و بصری معاونت کی مدد سے مختلف ادوار میں مسجد نبوی کی توسیع کے بارے میں بتائیں اور بنیادی معلومات فراہم کریں۔

# (6) میثاقِ مدینہ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- میثاقِ مدینہ سے متعارف ہو سکیں۔
- میثاقِ مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہو سکیں۔
- میثاقِ مدینہ کی اہمیت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے اثرات کو جان سکیں۔

ہجرتِ مدینہ کے بعد مسلمانوں کو امن و سکون نصیب ہوا تو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ منورہ میں اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھی۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے سب سے پہلے غیر مسلموں کے ساتھ اپنے تعلقات قائم کرنے کی طرف توجہ فرمائی۔ جس کے نتیجے میں مدینہ منورہ کے مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ایک تحریری معاہدہ ہوا، جسے ''میثاقِ مدینہ'' کہتے ہیں۔ میثاقِ مدینہ کو دنیا کا پہلا بین الاقوامی تحریری دستور (آئین) کہا جاتا ہے۔

**مزید جانیے!**

میثاق عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے لفظی معنی عہد و پیمان اور معاہدے کے ہیں۔

downloaded from https://infohubhimassissed.com/

## پس منظر

جب نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہاں کے حالات یکسر بدل گئے۔ مدینے میں مہاجرین کی ایک بڑی تعداد جمع ہوگئی۔ مواخات کے رشتے نے مسلمانوں کی طاقت میں اضافہ کر دیا۔ انصار کے دو قبائل اوس و خزرج کے اکثر لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ منورہ میں امن کے قیام کی خاطر یہود کے تین قبائل (بنو قریظہ، بنو نضیر اور بنو قینقاع) کے ساتھ ایک تاریخی معاہدہ کیا۔

## میثاقِ مدینہ کی اہم دفعات

- مدینہ منوّرہ کے تمام قبائل امن و امان سے رہیں گے اور امن کے قیام کے لیے ایک دوسرے کا ساتھ دیں گے۔
- مدینہ منوّرہ میں آباد مسلمان اور یہودی اپنے اپنے مذہب پر عمل پیرا ہوں گے۔
- مظلوم کی مدد کی جائے گی اور ظالم کی حمایت کسی بھی صورت میں نہیں کی جائے گی۔
- مدینہ منورہ پر حملہ کرنے والوں کا مقابلہ مسلمان اور یہودی مل کر کریں گے۔



NOT FOR SALE-PESI

Scanned with CamScanner

- جنگ کی صورت میں دونوں فریق مل کر اخراجات برداشت کریں گے۔
- کسی بھی اختلاف یا جھگڑے کا حتمی فیصلہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کریں گے اور فریقین اس فیصلے کو تسلیم کریں گے۔

## میثاقِ مدینہ کے اثرات

- مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست قائم ہوئی جس کے سربراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم تھے۔
- مدینہ منورہ اور اس کے اردگرد کے علاقوں پر ایک حکومت قائم ہوگئی۔
- مدینہ منورہ کے تمام گروہوں کے درمیان رواداری کی فضا قائم ہوئی۔
- مسلمانوں نے مدینہ منورہ کے یہود کی حمایت حاصل کر لی اور مدینہ منورہ کا دفاع مضبوط ہو گیا۔
- میثاقِ مدینہ کے بعد اسلام کی اشاعت و تبلیغ کے لیے نئے راستے کھل گئے۔
- مسلمان اُمتِ واحدہ اور ایک مضبوط طاقت بن گئے۔
- میثاقِ مدینہ کو انسانی تاریخ میں مذہبی رواداری کی نہایت اعلیٰ اور عظیم مثال کہا جاتا ہے کیونکہ اس معاہدے کی رُو سے دیگر اقوام کے مذہبی، معاشرتی اور سیاسی حقوق کو تسلیم کیا گیا۔ آج بھی دنیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے میثاقِ مدینہ مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

**جاننے کی بات!**

میثاقِ مدینہ کے دو حصے تھے۔ ایک حصہ مسلمانوں کے لیے اور دوسرا یہودیوں کے لیے تھا۔





NOT FOR SALE-PESRP

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

**الف۔** میثاق زبان کا لفظ ہے:

الف۔ فارسی     ب۔ عربی

ج۔ عبرانی     د۔ سریانی

**ب۔** میثاق کے لفظی معنی ہیں:

الف۔ عہد و پیمان     ب۔ مذاکرات

ج۔ بحث و مباحثہ     د۔ خطبہ

**ج۔** مدینہ منورہ میں یہود کے قبائل آباد تھے:

الف۔ دو     ب۔ تین

ج۔ چار     د۔ پانچ

**د۔** میثاقِ مدینہ کے فریقین تھے:

الف۔ مشرکین اور مسلمان     ب۔ کفار اور یہود

ج۔ مسلمان اور یہود     د۔ مہاجرین اور انصار

**ہ۔** دنیا کا پہلا بین الاقوامی تحریری دستور ہے:

الف۔ حلف الفضول     ب۔ بیعتِ رضوان

ج۔ صلح حدیبیہ     د۔ میثاقِ مدینہ

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

**الف۔** مواخاتِ مدینہ کے بعد نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ____ کے ساتھ تعلقات مضبوط کیے۔

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

مدینہ منورہ میں امن کے قیام کے لیے مدینہ کے یہود کے ساتھ معاہدہ کیا گیا۔

مدینہ منورہ میں انصار کے دو قبائل اوس اور خزرج آباد تھے۔

میثاقِ مدینہ کے بعد اسلام کی اشاعت و تبلیغ کے لیے نئے راستے کھل گئے۔

میثاقِ مدینہ کے ذریعے مسلمانوں کو مدینہ منورہ کے ______ کی حمایت مل گئی۔

### 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ میثاقِ مدینہ سے کیا مراد ہے؟

ب۔ میثاقِ مدینہ کا سبب لکھیں۔

ج۔ میثاقِ مدینہ کی بنیاد پر کون سی ریاست قائم ہوئی؟

د۔ میثاقِ مدینہ میں دیگر اقوام کے کون سے حقوق کو تسلیم کیا گیا؟

### 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ میثاقِ مدینہ کی چند اہم دفعات بیان کریں۔

ب۔ میثاقِ مدینہ کے اثرات تحریر کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- موجودہ دور میں میثاقِ مدینہ کی روشنی میں اتحاد و اتفاق کی ضرورت پر مذاکرہ کروائیں۔
- میثاقِ مدینہ کی دفعات کا چارٹ تیار کریں۔

### برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو میثاقِ مدینہ کی دفعات کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو موجودہ دور میں اس معاہدے کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ کریں۔

downloaded from https://mehboobhrmessed.com



Scanned with CamScanner

# (7) غزواتِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- جہاد کا حقیقی تعارف جان سکیں۔
- غزوہ اور سریہ کا معنی و مفہوم اور فرق جان سکیں۔
- غزوات کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- غزوۂ بدر، اُحد اور خندق کے پس منظر اور واقعات کے متعلق ...
- غزوۂ بدر، اُحد اور خندق کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد و ثمرات کو جان سکیں۔

غزواتِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے مراد وہ جنگیں ہیں جو نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اپنی زندگی میں لڑیں اور ان جنگوں کا مقصد دین کی حفاظت اور امن و امان کا قیام تھا۔ اسلام میں اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اور اس کے دین کی سربلندی کے لیے جو کوشش کی جائے اُسے جہاد فی سبیل اللہ کہتے ہیں۔ جہاد ایک اہم اسلامی فریضہ ہے۔


**مزید جانیے!**

سریہ سے مراد وہ جنگ ہے جس میں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ ... شریک نہیں ہوئے اور جنگ کے لیے لشکر کو روانہ فرمایا۔ سریہ کے معنی فوج کی چھوٹی ٹکڑی کے ہیں۔

ہجرتِ مدینہ کے بعد مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے کفارِ مکہ کے ساتھ ساتھ مدینہ منورہ کے یہود اور دیگر اسلام دشمن قبائل بھی سخت پریشان تھے۔ وہ کسی طور بھی مسلمانوں کو ایک اُمت تسلیم نہیں کرنا چاہتے تھے۔ اپنے اسی ناپاک ارادے کو انجام دینے کے لیے انھوں نے مسلمانوں کے خلاف کئی جنگیں لڑیں۔ جن میں تین بڑے غزوات "بدر، اُحد اور خندق" نمایاں ہیں۔ ان غزوات میں کافروں نے اسلام کے خلاف اپنی تمام تر کوششیں صرف کیں۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے غزوات کی تعداد 27 ہے۔

## غزوۂ بدر

غزوۂ بدر حق و باطل کے درمیان ہونے والا پہلا معرکہ ہے۔ یہ غزوہ 17 رمضان المبارک 2 ہجری کو مسلمانوں اور کافروں کے درمیان ہوا۔ کفارِ مکہ کے لشکر کی قیادت ابو جہل کر رہا تھا، جو فوجی ساز و سامان اور اسلحے سے لیس ایک ہزار کا جنگی لشکر لے کر میدانِ بدر کی طرف روانہ ہوا۔ اسلامی لشکر تین سو تیرہ مجاہدین پر مشتمل تھا، جو سواریوں اور اسلحے کی شدید کمی کے باوجود جذبۂ ایمانی سے سرشار تھا۔ اس غزوہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کامیابی عطا فرمائی۔ قرآن مجید میں غزوۂ بدر کے دن کو یوم الفرقان (فیصلے کا دن) کہا گیا ہے۔ غزوۂ بدر میں اللہ تعالیٰ نے آسمان سے فرشتے بھیج کر مسلمانوں کی مدد فرمائی۔




زوہ بدر کے موقع پر مسلمانوں
ر کفارِ مکہ کے لشکر کی صف بندی
منظر

## زوۂ اُحد

> **جاننے کی بات!**
>
> حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شکل وصورت میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ سے بہت زیادہ مشابہ تھے۔ جب وہ شہید ہوئے تو افواہ پھیل گئی کہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ شہید ہو گئے ہیں۔

وۂ اُحد 3 ہجری کو اُحد پہاڑ کے قریب ہوا۔ اس جنگ میں کافروں کا سردار سفیان تھا۔ اس لشکر کی تعداد تین ہزار تھی۔ اسلامی لشکر میں سات سو مجاہدین مل تھے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ ی قیادت میں اسلامی لشکر نے اُحد پہاڑ کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ یْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ نے حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پچاس ر اندازوں کے ساتھ درّے پر مقرر فرمایا اور انھیں درّہ نہ چھوڑنے کی تلقین فرمائی۔ مسلمانوں نے نہایت بہادری سے کافروں مقابلہ کیا۔ کفارِ مکہ بے بس ہو کر جنگ سے فرار ہونے لگے۔ یہ دیکھ کر درّے پر موجود مجاہدین مالِ غنیمت سمیٹنے کے لیے درّے سے نیچے آئے۔ کفار نے جب درّہ خالی دیکھا تو پلٹ کر مسلمانوں پر حملہ کیا۔ اس اچانک حملے سے تقریباً تر (70) صحابہ کرام رضی اللہ عنھم شہید ہو گئے۔ شہدا میں حضرت امیر حمزہ، مصعب بن عمیر اور عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنھم یسے نامور صحابہ کرام بھی شامل تھے۔ اس جنگ میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ بھی زخمی ہو گئے اور اسلامی لشکر بکھر گیا۔ اس نازک موقع پر نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ نے اسلامی لشکر کو دوبارہ جمع کیا اور کامیابی کے نشے میں مکہ مکرمہ واپس جانے والے کفار کے لشکر کا جارحانہ انداز یں تعاقب کیا۔ کفارِ مکہ کو جب یہ خبر ملی کہ اسلامی فوج ان کے تعاقب میں آ رہی ہے تو انھوں نے مسلمانوں کے غیظ و غضب سے بچنے کے لیے مقابلہ کرنے کی بجائے راہِ فرار اختیار کی اور واپس مکہ آ کر دم لیا۔




غزوۂ اُحد کے موقع پر مسلمانوں اور کفارِ مکہ کے لشکر کی صف بندی کا منظر




NOT FOR SALE-PESRP
Scanned with CamScanner

## غزوۂ خندق

غزوۂ خندق 5 ہجری میں ہوا۔ قریش مکہ نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کی تیاری شروع کی۔ اس خبر کی اطلاع ملتے ہی نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشورے سے مدینہ منورہ کے گرد خندق کھودی۔ ابوسفیان نے دس ہزار کے لشکر کے ساتھ مدینہ منورہ پر حملہ کیا تو وہ خندق دیکھ کر حیران اور پریشان رہ گیا۔ کافروں نے مدینہ منورہ کا محاصرہ کر لیا اور خندق عبور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ مدینہ منورہ کے گرد محاصرے کو کئی دن گزر چکے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی غیبی مدد کی۔ ایک رات شدید طوفان آیا، جس نے دشمنوں کے خیموں کو اکھاڑ دیا۔ وہ راتوں رات میدان خالی کر کے بھاگ گئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو فتح سے نوازا۔ غزوۂ خندق کو "غزوۂ احزاب" بھی کہا جاتا ہے۔

**یاد رکھیں!**

خندق کی لمبائی ساڑھے تین میل، چوڑائی پندرہ فٹ اور گہرائی اکیس فٹ تھی۔




downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

ان غزوات میں آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بہترین حکمت عملی اپنانے کے ساتھ ساتھ مساوات، رحم دلی، عفو و درگزر کی ایسی مثال پیش کی، جس سے نہ صرف دشمنوں کو شکست ہوئی بلکہ کئی لوگوں کو راہِ ہدایت پر لانے کا سبب بھی بنی۔ پورے عرب پر مسلمانوں کا رعب و دبدبہ قائم ہو گیا۔ مسلمانوں کے یقین اور ایمان میں اضافہ ہوا۔ مسلمانوں کو اسلام کی تبلیغ کرنے کا بھرپور موقع میسر آیا۔

غزواتِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ میں ہمارے لیے ایک اہم سبق ہے کہ فتح و شکست کا انحصار تعداد پر نہیں، بلکہ ایمانی جذبے پر ہے۔ اللہ تعالیٰ اخلاص کے ساتھ حق پر قائم رہنے والوں کی ہمیشہ مدد کرتا ہے، انھیں کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اخلاص، استقامت اور ثابت قدمی اختیار کریں۔ تکالیف اور مصائب میں صبر کریں۔ صرف اللہ تعالیٰ پر بھروسا کریں اور صرف اسی سے مدد مانگیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# مشق

## درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

جس جنگ میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے شرکت کی ہو، اسے کہتے ہیں:

الف۔ غزوہ　ب۔ سریہ　ج۔ قتال　د۔ حرب

خندق کی چوڑائی تھی:

الف۔ 12فٹ　ب۔ 13فٹ　ج۔ 14فٹ　د۔ 15فٹ

غزوۂ بدر میں اسلامی لشکر کی تعداد تھی:

الف۔ تین سو بارہ　ب۔ تین سو تیرہ

ج۔ تین سو چودہ　د۔ تین سو پندرہ

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے درّے پر مقرر فرمایا:

الف۔ پچاس تیر اندازوں کو　ب۔ ساٹھ تیر اندازوں کو

ج۔ ستر تیر اندازوں کو　د۔ اسی تیر اندازوں کو

غزوۂ خندق میں خندق کھودنے کا مشورہ دیا:

الف۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے　ب۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

ج۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے　د۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

## خالی جگہ پُر کریں۔

حق و باطل کے درمیان ہونے والا پہلا معرکہ ______ ہے۔

غزوۂ بدر میں اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ______ بھیج کر مسلمانوں کی مدد فرمائی۔

downloaded from https://infohubforumssissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

ج۔ غزوۂ خندق میں کافروں نے مدینہ منورہ کے گرد کئی (ـــــــ) تک محاصرہ جاری رکھا۔

د۔ اللہ تعالیٰ نے غزوۂ خندق میں مسلمانوں کو ـــــــ سے نوازا۔

ہ۔ غزواتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بعد پورے عرب پر ـــــــ کا رعب و دبدبہ قائم ہو گیا۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ جہاد کا کیا مطلب ہے؟

ب۔ غزوہ کا مفہوم بیان کریں۔

ج۔ غزوۂ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

د۔ غزواتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم میں ہمارے لیے کیا سبق ہے؟

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ غزواتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا تعارف لکھیں۔

ب۔ غزواتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے نتائج و فوائد تحریر کریں۔

downloaded from https://infohubhrmssi...ed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- جزیرہ عرب کے نقشے کی مدد سے غزوات کا زمانی جدول چارٹ پر بنائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- کمرا جماعت میں غزواتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے میں حصہ لیں۔

برائے اساتذۂ کرام

- طلبہ کو نقشہ جات کی مدد سے غزوات کے اہم مقامات کی نشان دہی کرتے ہوئے، جنگ کا نقشہ سمجھائیں نیز مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی مشہور جگہوں کی شناخت کروائیں۔
- طلبہ کو اطاعتِ امیر کی اہمیت اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ کریں نیز مشاورت کی اہمیت اور آداب سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کے درمیان "غزوات النبی" کے موضوع پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔



NOT FOR SALE-P

Scanned with CamScanner

# اَخلاق وآداب

## (1) رواداری

حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- رواداری کے معنی ومفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔
- سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔
- اسلامی تعلیمات اور اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی روشنی میں گروہی، مذہبی، مسلکی، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے اجتناب کرسکیں۔
- رواداری کے معاشرتی فوائد واثرات جان سکیں۔

رواداری کے معنی ہیں: برداشت کرنا اور دوسروں کا لحاظ کرنا۔

دینِ اسلام میں دوسروں کے مذہبی عقائد، جذبات اور رسم ورواج کا لحاظ رکھنا اور ان کو برداشت کرنا رواداری کہلاتا ہے۔

**فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم**

جس نے کسی غیر مسلم شہری کو ہلاک کیا، وہ جنت کی خوش بو بھی نہ سونگھ سکے گا۔
(ابن ماجہ: کتاب الدیات)

دنیا میں مختلف عقائد کے لوگ ہیں۔ دینِ اسلام یہ سکھاتا ہے کہ دوسروں کو اپنے عقیدے پر قائم رہنے کا حق دیا جائے۔ دوسرے مذاہب کے لوگوں کے ساتھ رواداری سے پیش آیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ (سورۃ البقرۃ، آیت: 256)

ترجمہ: دین (اسلام) میں زبردستی نہیں ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی سیرت میں رواداری کے بہت زیادہ واقعات ملتے ہیں۔ نجران سے مسیحیوں کا ایک وفد آیا، ان سب کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا گیا اور ان کا ہر طرح سے خیال رکھا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے انھیں اسلام کی دعوت پیش کی، لیکن انھوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور جب ان کی عبادت کا وقت آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے انھیں مسجد نبوی کے ایک گوشے میں اپنے طریقے سے عبادت کرنے کی اجازت دے دی۔ یہ رواداری کی بہت بڑی مثال ہے۔

دینِ اسلام نے غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کی حفاظت کا درس دیا۔ عہدِ خلافت راشدہ میں بھی غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا احترام برقرار رکھا گیا۔ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے کبھی بھی مذہب کے معاملے میں جبر کا رویہ اختیار نہیں کیا۔

ارشادِ ربانی ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

(سورۃ الانعام، آیت:108)

ترجمہ: اور جن لوگوں کو یہ مشرک اللہ کے سوا پکارتے ہیں ان کو برا نہ کہنا کہ یہ بھی کہیں اللہ کو بے ادبی سے ناسمجھی میں برا (نہ) کہہ بیٹھیں۔

کسی کو خوش کرنے کے لیے عقیدہ یا نظریہ بدلنا رواداری نہیں کہلاتا۔ رواداری کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ غیر مسلموں کو خوش کرنے کے لیے ہم دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنا چھوڑ دیں۔ بلاشبہ اسلام غیر مسلموں کو بہت سے حقوق دیتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں نے سیکڑوں سال تک شان دار حکومت کی۔ اس پورے دور میں انھوں نے غیر مسلموں کے ساتھ رواداری کا برتاؤ کیا۔

ہمارے ملک میں مختلف عقائد اور مذاہب کے لوگ رہتے ہیں۔ اس لیے ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی عقائد اور معاشرتی رسم ورواج کا احترام کرنا چاہیے۔ کسی کو اس کے مذہب، علاقے، رنگ یا نسل کی وجہ سے تنگ نہ کیا جائے۔ ہر انسان کے بنیادی اور فطری حقوق برابری کی بنا پر ادا کیے جائیں۔ ایسا معاشرہ ہی سماجی ہم آہنگی اور رواداری کی جیتی جاگتی مثال بن سکتا ہے۔

## رواداری کے فوائد

- جس معاشرے میں رواداری ہو، اس معاشرے میں ہر طرف امن ہوتا ہے۔
- ایک دوسرے کی رائے اور جذبات کے احترام کا سبق ملتا ہے۔
- رواداری انسان میں صبر و تحمل اور عفو و درگزر جیسی اعلیٰ صفات پیدا کرنے کا سبب بنتی ہے۔

ہمیں چاہیے کہ بحیثیت مسلمان نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں رواداری کی فضا قائم کریں۔



Downloaded from https://infohubmississe.com/
Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ رواداری کے معنی ہیں:

الف۔ پیروی کرنا　　ب۔ برداشت کرنا

ج۔ معاف کرنا　　د۔ حق ادا کرنا

ب۔ دوسروں کے مذہبی عقائد، جذبات اور رسم و رواج کا لحاظ رکھنا کہلاتا ہے:

الف۔ صبر و تحمل　　ب۔ رواداری

ج۔ قناعت پسندی　　د۔ رحم دلی

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں مسیحیوں کا ایک وفد آیا:

الف۔ طائف سے　　ب۔ یمن سے

ج۔ نجران سے　　د۔ ثقیف سے

د۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے نجران کے مسیحیوں کے وفد کو ٹھہرایا:

الف۔ مسجد نبوی میں　　ب۔ صحن کعبہ میں

ج۔ مسجد قباء میں　　د۔ بیت المقدس میں

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ دین میں کوئی ______ نہیں۔

ب۔ اسلام غیر مسلموں کو بہت سے ______ دیتا ہے۔

ج۔ ہمارے ملک میں مختلف عقائد اور ______ کے لوگ رہتے ہیں۔

د۔ دوسروں کے ______ اور معاشرتی رسم و رواج کا لحاظ رکھنا رواداری ہے۔

ہ۔ رواداری سے معاشرے میں ______ پیدا ہوتا ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ رواداری سے کیا مراد ہے؟

ب۔ رواداری کے کوئی سے دو فائدے تحریر کریں۔

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے نجران کے مسیحی وفد سے کیسا سلوک فرمایا؟

د۔ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کی حفاظت کا درس کیسے دیا؟

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں رواداری کی اہمیت تحریر کریں۔

ب۔ پاکستانی معاشرے میں امن و ترقی قائم کرنے کے لیے رواداری کا کردار بیان کریں۔

downloaded from https://mrobubhmissed.com

## سرگرمیاں برائے طلبہ

رواداری اور برداشت کے عنوان پر ایک تقریر یا خاکہ تیار کریں اور اسمبلی میں پیش کریں۔

ہم اپنے اسکول، محلے یا گلی میں رواداری پر کیسے عمل کر سکتے ہیں؟ اپنی کاپی میں چند نکات تحریر کریں۔

اساتذہ کرام

- طلبہ کو نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی زندگی سے رواداری کے واقعات سنائیں۔
- طلبہ کو سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت اور اس کے معاشرے پر مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ کریں۔



NOT FOR S

# (2) عفوودرگزراوررحم دلی

20.9.21

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:

- عفوودرگزراوررحم دلی کے معانی ومفاہیم جان سکیں۔
- عفوودرگزراوررحم دلی کی اہمیت جان سکیں۔
- سیرتِ نبوی کی روشنی میں عفوودرگزراوررحم دلی کے واقعات جان سکیں۔
- عفوودرگزراوررحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں۔

عفوودرگزر سے مراد کسی کی غلطی اور کوتاہی کو معاف کر دینا اور اس سے بدلہ نہ لینا ہے۔ رحم دلی کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ نرمی اور شفقت سے پیش آنا۔ عفوودرگزراوررحم دلی دونوں اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے کہ اس کے بندے بھی ان صفات کو اپنائیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: اور (لوگوں) کو چاہیے کہ (ایک دوسرے کو) معاف کردیں اور درگزر کیا کریں۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمھیں بخش دے، اور اللہ بہت بخشنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

(سورۃ النور، آیت: 22)

اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کو بے حد پسند کرتا ہے جو اپنے غصے پر قابو رکھتے ہیں اور دوسروں کو معاف کر دیتے ہیں۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

معاف کر دینے سے اللہ بندے کی عزت بڑھاتا ہے

(صحیح مسلم: کتاب البر والصلۃ والآداب)

پیارے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ خود بھی سراپا رحمت تھے اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اہلِ ایمان کو ایک دوسرے پر رحم کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا خاص لقب رحمۃ للعالمین ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**یاد رکھیں!**

پیارے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے کبھی کسی سے اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیا۔

تم اہلِ زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ (سنن ابی داؤد: کتاب الادب)



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://informationbhrmssolved.com/

Scanned with CamScanner

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی حیات مبارکہ عفوودرگزر اور رحم دلی کی سب سے بہترین مثال ہے۔ ایک مرتبہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ایک درخت کے سائے میں آرام فرما رہے تھے۔ ایک مشرک کہیں سے آ نکلا اور اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی طرف تلوار سونت کر کہا، "تمھیں مجھ سے کون بچائے گا؟" آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا، "مجھے اللہ بچائے گا۔" یہ سنتے ہی وہ کانپ گیا اور تلوار اس کے ہاتھ سے گر گئی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے تلوار اُٹھائی اور فرمایا، "تمھیں مجھ سے کون بچائے گا؟" اب وہ معافی مانگنے لگا اور رحم کی درخواست کرنے لگا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اُسے معاف فرما دیا اور وہ شخص مسلمان ہو گیا۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

جو شخص نرم عادت سے محروم رہا، وہ بھلائی سے محروم رہا۔ (صحیح مسلم: کتاب البر والصلۃ)

غزوۂ اُحد میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہادری سے لڑ رہے تھے، ایک غلام وحشی بن حرب نے پیچھے سے چھپ کر حملہ کیا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر دیا۔ یہی غلام وحشی بن حرب جب مسلمان ہونے کے بعد معافی کے لیے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اسے معاف فرما دیا۔ مشرکین مکہ کے مظالم کی وجہ سے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اپنا شہر مکہ مکرمہ چھوڑنا پڑا۔ فتح مکہ کے بعد مشرکین خوف سے لرز رہے تھے کہ نہ جانے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا جائے۔ اس کے باوجود نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فتح مکہ کے موقع پر عام معافی کا اعلان فرمایا۔

جس طرح ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ دوسروں کی غلطیوں کو معاف فرماتے تھے، ہمیں بھی چاہیے کہ اپنے ساتھیوں کی غلطیوں کو نظر انداز کر دیا کریں، غصے پر قابو پانا سیکھیں۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ رحم دلی کا رویہ اپنائیں۔ لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ بڑوں کے ساتھ ادب و احترام اور چھوٹوں سے محبت کا رویہ اپنائیں۔

## عفوودرگزر اور رحم دلی کے فوائد

عفوودرگزر اور رحم دلی کا رویہ اپنانے سے:

- آپس میں محبت بڑھتی ہے اور دل صاف رہتے ہیں۔
- ایک دوسرے کے لیے عزت اور احترام کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- معاشرے میں امن کی فضا قائم ہوتی ہے۔
- دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔



downloaded from https://infohubhrmssissed.com/
Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے:

الف۔ غزوۂ بدر میں — ب۔ غزوۂ احد میں

ج۔ غزوۂ خندق میں — د۔ غزوۂ خیبر میں

ب۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے کس موقع پر عام معافی کا اعلان کیا؟

الف۔ میثاقِ مدینہ — ب۔ صلح حدیبیہ

ج۔ فتح مکہ — د۔ حلف الفضول

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا خاص لقب ہے:

الف۔ رحمۃ للعالمین — ب۔ ذبیح اللہ

ج۔ روح اللہ — د۔ کلیم اللہ

د۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے عام معافی کا اعلان فرمایا:

الف۔ عتبہ کے لیے — ب۔ ولید کے لیے

ج۔ وحشی کے لیے — د۔ شیبہ کے لیے

ہ۔ جس شخص میں نرمی نہیں، وہ محروم رہتا ہے:

الف۔ بھلائی سے — ب۔ مال و دولت سے

ج۔ رُتبے سے — د۔ شہرت سے

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ درگزر کا مطلب بدلہ نہ لینا ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://informedhrmssisced.com/

Scanned with CamScanner

ب۔ مشرکین مکہ کی وجہ سے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اپنا شہر ______

ج۔ عفوودرگزر اور رحم دلی دونوں اللہ تعالیٰ کی ______ میں سے ہیں۔

د۔ اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کو بے حد پسند کرتا ہے جو اپنے ______

ہ۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ دوسروں کی غلطیوں کو ______ کر دیتے تھے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ عفوودرگزر سے کیا مراد ہے؟

ب۔ رحم دلی کا مطلب کیا ہے؟

ج۔ رحم دلی کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

د۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دشمنوں سے کیسا طرزِ عمل اختیار فرمایا؟

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ قرآن وسنّت کی روشنی میں عفوودرگزر اور رحم دلی کی اہمیت واضح کریں۔

ب۔ عملی زندگی میں عفوودرگزر اور رحم دلی اپنانے سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اگر آپ سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے، تو کیا آپ اپنے دوست، یا بہن بھائی سے معذرت کرتے ہیں؟ اس سے متعلق ایک خاکہ مرتب کریں۔
- کیا آپ پسند کرتے ہیں کہ دوسرے لوگ آپ کی غلطی کو معاف کر دیں اور کیوں؟

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو قرآن وسنّت کی روشنی میں عفوودرگزر اور رحم دلی کی اہمیت بتائیں۔
- طلبہ کو عفوودرگزر اور رحم دلی عملی زندگی میں اپنانے کی ترغیب دیں اور سیرت طیبہ سے مزید واقعات سنائیں۔



Scanned with CamScanner

# (3) کفایت شعاری

حاصلاتِ تعلم:

سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- کفایت شعاری کا مفہوم جان سکیں۔ کفایت شعاری اور بخل میں فرق کر سکیں۔ کفایت شعاری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔
- اسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔
- سیرت نبوی کی روشنی میں کفایت شعاری کے واقعات جان سکیں۔
- دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کفایت شعاری کی اہمیت سے روشناس ہو سکیں اور اپنی زندگیوں میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں۔

مزید جانیے!

بخل کرنے والے شخص کو "بخیل" کہتے ہیں۔

یت شعاری سے مراد اپنے مال و دولت کو ضروریات کے مطابق خرچ کرنا، اعتدال، توازن
یانہ روی کا راستہ اختیار کرنا اور غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کرنا ہے۔ اسلام نے خرچ
نے کے حوالے سے کچھ حدود و قیود مقرر کی ہیں۔ ان کے اندر رہتے ہوئے خرچ کرنا سمجھداری
۔ قرآن مجید میں ہے:

اور کھاؤ اور پیو اور بے جا نہ اڑاؤ کہ اللہ بے جا اڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔
(سورۃ الاعراف، آیت: 31)

اسلام کی تعلیم کے مطابق ہم جتنی بھی دولت کے مالک ہوں، اپنی ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا غلط ہے۔ ضرورت سے زیادہ
خرچ کرنا اسراف کہلاتا ہے۔ ہمیں خرچ کرتے ہوئے کفایت شعاری سے بھی کام لینا چاہیے اور اسراف سے بھی بچنا چاہیے۔
ن مجید میں ہے:

فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے۔
(سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 27)

کرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے بھی فضول خرچی سے منع فرمایا ہے:

کھاؤ پیو، پہنو اور صدقہ کرو، اس میں فضول خرچی ہو نہ تکبر۔ (سنن ابن ماجہ: کتاب اللباس)

ے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ تمام کاموں میں میانہ روی سے کام لیتے تھے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرما

جس نے خرچ کرنے میں اعتدال سے کام لیا، وہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔ (مسند احمد: 4269)

downloaded from https://infohubbhr...ssissed.com/



Scanned with CamScanner

آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو وضو میں بھی زیادہ پانی استعمال کرنے سے منع فرمایا۔ اسی طرح ایک مرتبہ حج کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم نے جو چادر اوڑھ رکھی تھی اس کی قیمت چار درہم سے زیادہ نہ تھی جو نہایت معمولی قیمت تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم سادہ غذا اور سادہ لباس استعمال کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم کی ساری زندگی کفایت شعاری کا بہترین نمونہ ہے۔

اپنی جائز ضروریات کو کم سے کم خرچ میں پورا کرنا اور فضول خرچی نہ کرنا ہی دراصل کفایت شعاری ہے۔ جس طرح ہمارے دین نے ہمیں بے جا خرچ کرنے سے منع کیا ہے اسی طرح خرچ کرنے کے موقع پر خرچ نہ کرنا برا عمل ہے اور بخل ہے۔ ہمیں بخل سے سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے۔

> **یاد رکھیں!**
>
> انسان کی عزت اور وقار، عمدہ اور مہنگا لباس پہننے کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے عمدہ اخلاق و کردار کی وجہ سے ہے۔

فرد کی زندگی کی بات ہو، ایک خاندان یا معاشرے کی، کفایت شعاری ہر جگہ بہت اہمیت کی حامل ہے۔ کفایت شعاری نہ کرنے کی وجہ سے نہ صرف خاندان کی زندگی متاثر ہوتی ہے بلکہ معاشرے پر بھی اس کا برا اثر پڑتا ہے۔ اگر ہم بچت کی عادت نہیں اپنائیں گے، تو مشکل حالات میں ہمیں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

downloaded from https://informationbhrmsolved.com/

## اسراف کے نقصانات

- فضول خرچی انسان کو دوسروں کا محتاج بناتی ہے۔
- فضول خرچ شخص اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے ناجائز طریقے اختیار کرتا ہے۔
- فضول خرچی انسان کو حرام کمائی پر اکساتی ہے۔

## کفایت شعاری اپنانے کے فوائد

- کفایت شعاری زندگی کو آسان بناتی ہے۔
- کفایت شعاری اختیار کرنے والا کبھی تنگ دست نہیں ہوتا۔
- کفایت شعاری اختیار کرنے سے دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔
- ضرورت کے وقت دوسروں کی مدد کرنا آسان ہوتا ہے۔
- اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔



Scanned with CamScanner

ہمیں چاہیے کہ ہم خرچ کرنے میں ہمیشہ کفایت شعاری اختیار کریں یعنی نہ تو فضول خرچی کریں اور نہ ہی کنجوسی سے کام لیں۔ اپنی ضروریات کو اپنی حدود میں رہتے ہوئے پورا کریں تاکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں اور دنیا اور آخرت میں کامیاب زندگی گزار سکیں۔

## مشق

1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کرنا کہلاتا ہے:

الف۔ دیانت داری ب۔ امانت داری

ج۔ وفاشعاری د۔ کفایت شعاری ✓

ب۔ میانہ روی اختیار کرنے والا شخص کبھی نہیں ہوتا:

الف۔ خوشحال ب۔ تنگ دست ✓

ج۔ مطمئن د۔ رحیم

ج۔ فضول خرچی انسان کو اُکساتی ہے:

الف۔ خوداحتسابی پر ب۔ ہٹ دھرمی پر

ج۔ حرام کمائی پر ✓ د۔ غلامی پر

د۔ کنجوسی کرنے والا شخص کہلاتا ہے:

الف۔ کفایت شعار ب۔ بخیل ✓

ج۔ اعتدال پسند د۔ سخی

ہ۔ قرآن مجید میں فضول خرچ کو بھائی قرار دیا ہے:

الف۔ شیطان کا ✓ ب۔ کافر کا

ج۔ منافق کا د۔ فاسق کا

downloaded from https://infohubhmissed.com/



Scanned with CamScanner

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ______ لباس استعمال کرتے تھے۔

ب۔ انسان کی عزت اور وقار اس کے عمدہ ______ کی وجہ سے ہے۔

ج۔ اسلام نے خرچ کرنے کے حوالے سے کچھ ______ مقرر کی ہیں۔

د۔ فضول خرچی انسان کو دوسروں کا ______ بناتی ہے۔

ہ۔ کفایت شعاری انسان کی زندگی کو ______ بناتی ہے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ کفایت شعاری سے کیا مراد ہے؟

ب۔ اسراف کیا ہے؟

ج۔ بخل کسے کہتے ہیں؟

د۔ فضول خرچی کے بارے میں قرآن مجید میں کیا حکم آیا ہے؟

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ قرآن وسنت کی روشنی میں کفایت شعاری کی اہمیت بتائیں۔

ب۔ اسراف کے نقصانات اور دو صورتیں بتائیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- بچت کا شعور اُجاگر کرنے کے لیے طلبہ اپنی جیب خرچ کے استعمال کا ایک گوشوارہ بنائیں۔
- طلبہ ان کاموں کی فہرست بنائیں جہاں جہاں آپ کفایت شعاری سے کام لے سکتے ہیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو کفایت شعاری کے فوائد وثمرات آسان اور سادہ پیرائے میں مثالیں دے کر سمجھائیں۔ نیز انھیں عملی زندگی میں کفایت شعاری اپنانے کی ترغیب دلائیں۔
- طلبہ کو سیرت کی مستند کتاب سے کفایت شعاری کے متعلق اسوۂ حسنہ اور اسوۂ صحابہ کرام سے مثالیں بیان کریں۔



downloaded from https://infohubhrmississed.com/

Scanned with CamScanner

باب پنجم

# حسنِ معاملات و معاشرت

## (1) ایفائے عہد

### حاصلاتِ تعلم:

س سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنّت کی روشنی میں:

- ایفائے عہد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- ایفائے عہد کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔
- نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ اور سیرتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے ایفائے عہد کی مثالیں جان سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔
- ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات جان سکیں۔

ئے عہد دو لفظوں سے مل کر بنا ہے۔ ایفاء کے معنی پورا کرنا اور عہد کے معنی وعدہ کے ہیں۔ وعدہ پورا کرنے کو ایفائے عہد کہتے ہیں۔

> **فرمانِ الٰہی!**
>
> اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے؟
>
> (سورۃ التوبۃ، آیت: 111)

سلام میں وعدے کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ ایک مسلمان جب کلمہ طیبہ کا اقرار کرتا ہے
ر وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ عہد کرتا ہے کہ
ا اپنی زندگی اللہ تعالیٰ کے احکامات کی روشنی میں اور سنتِ نبوی کی پیروی میں گزارے
۔ قرآن مجید میں وعدے کی پابندی پر بہت زور دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاَوۡفُوۡا بِالۡعَهۡدِ ۚ اِنَّ الۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡـُٔوۡلًا (سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 34)

ترجمہ: اور وعدے پورے کیا کرو۔ بے شک وعدے کے بارے میں (قیامت) کے دن پوچھا جائے گا۔

عہد پورا کرنا ایمان والوں کی اہم صفت ہے اور وعدہ خلافی کو منافق کی نشانی قرار دیا گیا ہے۔ جو شخص اپنے وعدوں کا خیال نہیں رکھتا نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے فرمان کے مطابق وہ دین سے محروم ہو جاتا ہے۔

اور جو شخص وعدے کی پابندی نہیں کرتا، اس کا کوئی دین نہیں۔ (مسند احمد: 5140)

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ ہر حال میں وعدے کی پابندی کرتے تھے۔ صلح حدیبیہ میں کافروں کے ساتھ جو معاہدہ ہوا تھا اُس کی ایک شرط یہ تھی کہ صلح کے بعد جو شخص مکہ مکرمہ سے مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچے گا، اُسے واپس کر دیا جائے گا۔ یہ معاہدہ ابھی لکھا جا رہا تھا کہ مکہ مکرمہ سے حضرت ابو جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے زخمی حالت میں


NOT FOR SALE-PESRP

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس آ گئے۔ مسلمان ان کو اس حال میں دیکھ کر بے چین ہو گئے لیکن نبی...
وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے معاہدے کی وجہ سے انھیں واپس کفار کے حوالے کر دیا۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو بھی تاکید فرماتے تھے کہ اپنا وعدہ ہر حال میں...
غزوۂ بدر کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد کم ہونے کی بنا پر مجاہدین کی سخت ضرورت تھی۔ لڑائی سے پہلے دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم...
آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ تعالیٰ کے رسول صَلَّی...
وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ! ہم مدینہ منورہ آ رہے تھے کہ راستے میں کافروں نے ہمیں پکڑ لیا اور پھر اس شرط پر رہا کیا کہ ہم...
آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ساتھ نہیں دیں گے، لیکن یہ مجبوری کا عہد تھا۔ ہم کافروں کے خلاف ضرور...
آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انھیں جنگ میں حصہ لینے سے روک دیا اور عہد کی پاس داری کا حکم دیا۔

وعدہ خلافی بے حد ناپسندیدہ عمل ہے۔ جو شخص وعدہ پورا نہیں کرتا، لوگ اسے جھوٹا سمجھتے ہیں۔ وعدہ خلافی اللہ تعالیٰ کی...
اور دنیا میں ذلت و رسوائی کا سبب بنتی ہے۔

وعدے کی مختلف صورتیں ہیں۔ جن میں مقررہ وقت اور مقام پر پہنچنا، کسی خاص وقت پر کام کرنا اور مخصوص مدت میں رقم ادا کرنا
وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری ذِمّہ داریاں بھی ایک وعدہ ہیں۔ ڈاکٹر، انجینئر، پولیس، فوجی، صحافی، سیاست دان،
علماء، آفیسر، استاد، جج اور حکمران جب کوئی ذِمّہ داری لے لیتے ہیں تو گویا اپنی قوم سے وعدہ کر رہے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے فرائض
نہایت دیانت داری سے ادا کریں گے۔

## ایفائے عہد کے فوائد

- وعدہ پورا کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔
- ایفائے عہد کرنے والے کے لیے آخرت میں بڑے اجر کا وعدہ ہے۔
- وعدہ پورا کرنے سے آپس میں یقین اور اعتماد بڑھتا ہے۔
- معاشرے میں عزت بڑھتی ہے۔
- وعدہ پورا کرنا زندگی میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے اور جب اُس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو اُس میں خیانت کرتا ہے۔
(صحیح بخاری: کتاب الوصایا)

...بحیثیت طالب علم ہمارا فرض ہے کہ ہم ہمیشہ وعدے کی پابندی کریں۔ دل لگا کر پڑھیں۔ وقت کا صحیح استعمال کریں۔


NOT FOR SALE-PE
downloaded from https://...
Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ ایفاء کے معنی ہیں:

الف۔ بدل دینا
ب۔ پورا کرنا ✓
ج۔ نیت کرنا
د۔ ارادہ کرنا

ب۔ عہد کے معنی ہیں:

الف۔ صبر
ب۔ درگزر
ج۔ تحمل
د۔ وعدہ ✓

ج۔ حدیث کے مطابق منافق کی ایک نشانی ہے:

الف۔ وعدہ خلافی ✓
ب۔ چغل خوری
ج۔ فضول خرچی
د۔ فضول گوئی

د۔ حضرت ابو جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس معاہدے کی وجہ سے مکّہ مکرمہ واپس بھیج دیا گیا؟

الف۔ حلف الفضول
ب۔ مقاطعۂ شعبِ ابی طالب
ج۔ صلح حدیبیہ ✓
د۔ میثاقِ مدینہ

ہ۔ ایفائے عہد سے آپس میں بڑھتا ہے:

الف۔ اختلاف
ب۔ اعتماد ✓
ج۔ نفاق
د۔ بغض

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ وعدے کے بارے میں ____قیامت____ کے دن پوچھا جائے گا۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

ب۔ ہماری ذمہ داریاں بھی ایک ____وعدہ____ ہیں۔

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہر حال میں ____وعدہ____ کی پابندی کرتے تھے۔

د۔ وعدہ خلافی بے حد ____ناپسندیدہ____ عمل ہے۔

ہ۔ وعدہ خلافی دنیا میں ____ذلت و رسوائی____ کا سبب بنتی ہے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ ایفائے عہد سے کیا مراد ہے؟

ب۔ ایفائے عہد کے متعلق ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ج۔ وعدے کی پابندی کے متعلق نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ایک فرمان تحریر کریں۔

د۔ عہد شکنی کا کیا نقصان ہوتا ہے؟

downloaded from https://infohubbhimsissed.com/

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سیرت سے ایفائے عہد کا ایک واقعہ تحریر کریں۔

ج۔ ایفائے عہد کی عملی زندگی میں اہمیت بیان کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- جماعت میں اپنے ساتھیوں کو وعدہ پورا کرنے کے ذاتی تجربات کے بارے میں بتائیں۔
- ایفائے عہد کی مختلف صورتوں کے بارے میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ بات چیت کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی زندگی سے ایفائے عہد کے واقعات سنائیں۔
- طلبہ کو ترغیب دیں کہ ہر حال میں وعدہ پورا کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (2) اسلامی اخوت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- اسلامی اخوت کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔
- اسلامی اخوت کی اہمیت کو جان سکیں۔
- اسلامی اخوت کے فوائد سے آگاہ ہو سکیں اور روز مرہ زندگی میں اخوت و بھائی چارے کی فضا قائم کر سکیں۔
- نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ اور سیرت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے اخوت کے واقعات جان سکیں۔

اخوت کا مطلب ہے بھائی چارہ۔ اسلامی اخوت سے مراد ہے کہ سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ قرآن مجید نے ایمان والوں کو ایک دوسرے کا بھائی قرار دیا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

**فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔
(صحیح مسلم: کتاب الایمان)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ (سورۃ الحجرات، آیت: 10)

ترجمہ: مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

جو شخص بھی کلمۂ طیبہ کا اقرار کر لیتا ہے وہ اُمتِ مسلمہ کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس کلمے کی بنیاد پر دنیا بھر کے مسلمان خواہ وہ دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں، کسی بھی رنگ اور نسل سے تعلق رکھتے ہوں، کوئی بھی زبان بولتے ہوں، وہ آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اخوت کے بارے میں ارشاد فرمایا:

ترجمہ: مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ (صحیح مسلم: کتاب البرّ والصلۃ)

اسلام کی آمد سے پہلے عرب ایک غیر مہذب قوم تھے۔ وہ قبائل میں بٹے ہوئے تھے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ایک دوسرے سے لڑتے تھے۔ جب مہاجرین مدینہ منورہ پہنچے تو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انصار کو ان کا بھائی بنا دیا۔ یہ بھائی چارے کا ایسا شاندار نمونہ ہے جس کی پوری دنیا تا قیامت مثال پیش نہیں کر سکتی۔ دراصل انصار اور مہاجرین کے درمیان یہ کلمے کا ہی رشتہ تھا جس کے باعث یہ سب کچھ ممکن ہوا۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مسلمانوں کو اس موقع پر اخوت کے ایک ایسے رشتے سے باندھ دیا کہ مسلمان ہمیشہ کے لیے ایک دوسرے کے بھائی بن گئے۔

downloaded from https://mohkuhrmssisset.com/



Scanned with CamScanner

اخوت کی بنیاد ایمان اور اسلام ہے، یعنی سب کا ایک رب، ایک رسول، ایک کتاب، ایک قبلہ اور ایک دین ہے۔ اسلام نے رنگ، نسل، ملک، قوم اور زبان کے فرق کو مٹا دیا۔ غلام آزاد ہو گئے، اور انھیں وہ مقام اور مرتبہ ملا کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرے آقا، میرا سردار کہا گیا۔

**فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**

مسلمان آپس میں ایک عمارت کی طرح ہیں، جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 6585)

اسلامی اخوت کا تقاضا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی جان، مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کرے، اپنے بھائی کی ضرورت کا خیال رکھے۔ ہر ممکن طریقے سے اس کی مدد کرے۔

اسلامی عبادات بھی رشتہ اخوت کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ نماز باجماعت میں ہر روز مسلمان پانچ مرتبہ مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔ حج کے موقعے پر پوری دنیا کے مسلمان رنگ و نسل کی تفریق سے بے نیاز ہو کر خانہ کعبہ میں اکٹھے ہو کر ایک ہی لباس میں ایک ہی طریقے پر مناسک حج ادا کرتے ہیں۔

downloaded from https://infohubhmassissed.com/

**یاد رکھیں!**

جو مسلمان اپنے بھائی کی ضرورت کو پورا کرنے میں لگا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری کر دیتا ہے۔ (صحیح مسلم: کتاب الذکر)

## اخوت کے فوائد

- اخوت مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے۔
- اخوت کی وجہ سے واحد اور مضبوط امت کا تصور پیدا ہوتا ہے۔
- ایک دوسرے کی مدد، خیر خواہی، ایثار اور قربانی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- اخوت سے مسلمان کے درمیان عزت و تکریم کا تعلق پیدا ہوتا ہے۔

اخوت کے تعلق کی بنا پر سب ایک دوسرے کا فائدہ سوچتے ہیں، دکھ سکھ میں شریک ہوتے ہیں، مشکل میں ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ اس رشتے کی قدر کریں۔ اپنے مسلمان بھائی کی جان و مال اور عزت و آبرو کا خیال کریں۔ ایک دوسرے کی خیر خواہی، بھلائی اور محبت کے جذبے کو قائم رکھیں تاکہ یہ رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے۔



# مشق

1۔ درست بیان پر (✔) کا نشان لگائیں۔

الف۔ اخوت کا مطلب ہے:

الف۔ عفو و درگزر
ب۔ دیانت داری
ج۔ بھائی چارہ
د۔ رحم دلی

ب۔ اخوت کی بنیاد ہے:

الف۔ ایمان اور اسلام
ب۔ طہارت و پاکیزگی
ج۔ عبادت و زہد
د۔ تقویٰ و پرہیز گاری

ج۔ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو ایک دوسرے کا قرار دیا ہے:

الف۔ دوست
ب۔ رشتے دار
ج۔ پڑوسی
د۔ بھائی

د۔ حدیث کے مطابق ایک جسم کی مانند ہیں:

الف۔ کفار
ب۔ اُمتِ مسلمہ
ج۔ یہود
د۔ نصاریٰ

ہ۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے اخوت کا رشتہ قائم فرمایا:

الف۔ انصار اور مہاجرین کے درمیان
ب۔ یہود و نصاریٰ کے درمیان
ج۔ یہود اور مسلمانوں کے درمیان
د۔ کفار اور مشرکین کے درمیان

2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ انصار اور مہاجرین کے درمیان ______ کا رشتہ تھا۔

ب۔ اسلام نے رنگ، نسل، ملک و قوم اور زبان کے ______ کو مٹا دیا۔



NOT FOR SALE-PESRP
downloaded from https://infohubhrmssissed.com/
Scanned with CamScanner

ج۔ اسلامی عبادات رشتۂ اخوت کو مضبوط کرتی ہیں۔

د۔ اخوت مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے۔

ہ۔ اخوت سے معاشرے میں بھائی چارے کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ اُخوت کا مفہوم واضح کریں۔

ب۔ اخوت کے متعلق ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ج۔ اسلامی اخوت کا کیا تقاضا ہے؟

د۔ دورِ حاضر کے تناظر میں اسلامی معاشرے میں اخوت کی کیا اہمیت ہے؟ واضح کریں۔

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں اخوت و بھائی چارے کی اہمیت وفضیلت واضح کریں۔

ب۔ اخوت کے فوائد بیان کریں۔

downloaded from https://inforubhrmssed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اخوت کے عنوان پر چارٹ بنائیں۔
- موجودہ دور میں اخوت کی اہمیت کے عنوان پر ایک تقریر تیار کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو موجودہ دور میں امت مسلمہ میں اخوت کی شدید ضرورت کے بارے میں وضاحت سے بتائیں۔
- طلبہ میں اخوت اور بھائی چارے کے جذبے کو بیدار کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (3) چغل خوری

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- چغل خوری کے معنی و مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- چغل خوری کے متعلق وعید جان سکیں۔
- چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں۔
- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں۔

چغل خوری سے مراد دو افراد کو ایک دوسرے سے بد ظن کر کے ان کے درمیان اختلاف پیدا کرنا اور جھگڑا کروانا ہے۔ چغل خوری زبان کے گناہوں میں سے ایک بڑا گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

اور کسی بھی ایسے شخص کی باتوں میں نہ آ جانا جو بہت قسمیں کھانے والا، بے وقعت شخص ہے۔ طعنے دینے کا عادی ہے، چغلیاں لگاتا پھرتا ہے۔ (سورۃ القلم، آیت: 10-11)

چغل خور اللہ تعالیٰ کی ناراضی اور عذاب کا شکار ہو جاتا ہے۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے بھی چغل خوری کو سخت ناپسند کیا ہے اور چغل خور کو بدترین شخص فرمایا ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے ایک حدیث میں چغل خور کو سخت وعید سنائی ہے۔

چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (صحیح مسلم: کتاب الایمان)

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ''کیا تم کو یہ نہ بتاؤں کہ کیا چیز سخت حرام ہے؟''

پھر فرمایا:

''یہ چغلی ہے جو لوگوں کے درمیان پھیل جاتی ہے۔'' (صحیح مسلم: کتاب البر والصلۃ)

اس حدیث مبارک سے اس بات کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ چغل خوری معمولی گناہ نہیں ہے۔ یہ ہماری نیکیوں کو کھا جاتی ہے اور ہمیں اللہ تعالیٰ کے نافرمانوں میں شامل کر دیتی ہے۔ اسلام چغل خوری کو حرام قرار دیتا ہے۔ اسی لیے کہا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص آپ سے کسی کی چغلی کھاتا ہے، تو اس کی بات مان کر، اس کی تائید مت کریں۔ وہ شخص جھوٹا ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infobuhm.sissed.com

Scanned with CamScanner

## چغل خوری کے نقصانات

- اس سے معاشرے میں اتحاد اور اعتماد کی فضا کو ٹھیس پہنچتی ہے۔
- لوگوں کے درمیان نفرت، بغض اور دشمنی پیدا ہوتی ہے۔
- لوگوں کے باہمی تعلقات متاثر ہوتے ہیں۔
- چغلی کھانے والے کی ذات سے صرف دوسروں ہی کو نقصان نہیں پہنچتا، وہ خود بھی نقصان اٹھاتا ہے۔

**فرمانِ الٰہی:**

تباہی اور بربادی ہے ہر طعنہ زن اور چغل خور کے لیے
(سورۃ الھمزۃ، آیت: ۱)

ہمیں اس گناہ سے بچنا چاہیے۔ اس سے فساد پھیلتا ہے۔ ہمارا دین ہمیں اس طرح کے منفی اور غلط رویے سے بچنے کی [illegible] ہے۔ ایک مسلمان ہمیشہ دوسرے مسلمان کا خیر خواہ اور اس کی عزت کا خیال رکھنے والا ہوتا ہے۔ چغل خوری سے [illegible] دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

downloaded from https://[illegible]bhrmssised.com/



Scanned with CamScanner

# مشق

درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

چغل خوری گناہوں میں سے ایک بڑا گناہ ہے:

الف۔ آنکھ کے　ب۔ ناک کے

ج۔ ہاتھ کے　د۔ زبان کے

حدیث کے مطابق چغل خور داخل نہیں ہو سکتا:

الف۔ جنت میں　ب۔ مسجد میں

ج۔ عید گاہ میں　د۔ مکتب میں

چغل خوری معاشرے میں سبب بنتی ہے:

الف۔ فساد کا　ب۔ دوستی کا

ج۔ خوش حالی کا　د۔ امن کا

چغل خور کو آخرت کے دن سامنا کرنا پڑے گا:

الف۔ خوشی کا　ب۔ ندامت کا

ج۔ راحت کا　د۔ خوش حالی کا

کس سورۃ میں چغل خوری کی مذمت کی گئی ہے؟

الف۔ سورۃ الھمزۃ　ب۔ سورۃ الفیل

ج۔ سورۃ الفلق　د۔ سورۃ الناس

خالی جگہ پُر کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے چغل خور کو بد ترین ______ شخص قرار دیا ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

ب۔ چغلی کھانے سے دلوں میں ـــ نفرت ـــ پیدا ہوتی ہے۔

ج۔ چغل خوری سے معاشرے میں ـــ اتحاد و ایمان ـــ کو ٹھیس پہنچتی ہے۔

د۔ چغل خور اللہ تعالیٰ کی ـــ ناراضی اور عذاب ـــ کا شکار ہو جاتا ہے۔

ہ۔ ایک مسلمان ہمیشہ دوسرے مسلمان کا ـــ خیر خواہ ـــ ہوتا ہے۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

الف۔ چغل خوری سے کیا مراد ہے؟

ب۔ چغل خوری کی مذمت کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ج۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے چغل خور کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

د۔ چغلی کرنا کیوں بری عادت ہے؟

downloaded from https://infohubhimessissed.com/

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

الف۔ اسلام میں چغل خوری کی مذمت کس طرح کی گئی ہے؟

ب۔ چغلی کرنے کے نقصانات تحریر کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اچھی اور بری عادات کی فہرست تیار کریں اور معاشرے پر بری عادات کے مرتب ہونے والے اثرات تحریر کریں۔
- چغلی کے نقصانات کا چارٹ بنائیں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو چغل خوری کے معنی و مفہوم بتائیں۔ نیز انھیں چغل خوری کے نقصانات سے آگاہ کریں۔
- چغل خوری کے انفرادی و اجتماعی اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے عملی زندگی میں چغل خوری سے بچنے کی تلقین کریں۔



NOT FOR SALE-PESR
Scanned with CamScanner

باب ششم

# ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

## (1) حضرت داؤد علیہ السّلام

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حضرت داؤد علیہ السّلام کی زندگی کے چند واقعات جان سکیں۔
- حضرت داؤد علیہ السّلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت داؤد علیہ السّلام پر نازل ہونے والی کتاب کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت داؤد علیہ السّلام کی حکومت اور سلطنت کے بارے میں جان سکیں۔

حضرت داؤد علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ نبی ہیں۔ آپ علیہ السّلام حضرت یعقوب علیہ السّلام کی اولاد میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السّلام کو آسمانی کتاب زبورِ مقدس عطا فرمائی۔ قرآن مجید میں آپ علیہ السّلام کو خلیفۃ الارض کہا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السّلام کو نبوّت کے ساتھ بادشاہت بھی عطا فرمائی۔ آپ علیہ السّلام نے ایک زبردست اور وسیع سلطنت قائم کی۔ آپ علیہ السّلام نہایت معاملہ فہمی اور عدل و انصاف سے کام لیتے تھے۔

آپ علیہ السّلام کے اس وصف کا ذکر قرآن مجید میں یوں ہے:

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (سورۃ ص، آیت: 20)

ترجمہ: اور ہم نے ان (داؤد علیہ السّلام) کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور انھیں حکمت دی تھی اور بات کا فیصلہ کرنا (سکھایا تھا)۔

حضرت داؤد علیہ السّلام کثرتِ عبادت اور نیکی کے کاموں میں اپنی مثال آپ تھے۔ بادشاہ ہونے کے باوجود آپ علیہ السّلام نہایت سادہ مزاج انسان تھے۔ آپ علیہ السّلام اپنے ہاتھ سے محنت کرتے اور روزی کماتے تھے۔

نبی کرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

کسی انسان کا بہترین رزق اس کے اپنے ہاتھ کی محنت سے کمایا ہوا رزق ہے اور بلاشبہ اللہ کے نبی داؤد علیہ السّلام اپنے ہاتھ کی محنت سے روزی کماتے تھے۔ (صحیح بخاری: کتاب البیوع)

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

حضرت داؤد علیہ السّلام پر زبور کی قراءت بہت آسان کر دی گئی تھی۔ جب حضرت داؤد علیہ السّلام اپنی سواری پر زین کسنے کا حکم دیتے اور زین کے جانے سے پہلے ہی پوری زبور پڑھ لیتے۔ (صحیح بخاری: کتاب احادیث الانبیاء)



downloaded from https://infohubpromissing.com/
Scanned with CamScanner


## معجزات

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بہت سے معجزات عطا فرمائے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں
طرح نرم ہو جاتا تھا۔ سخت مشقت اور آلات کے بغیر آپ علیہ السلام اس نرم لوہے سے زرہیں بنا لیتے تھے۔
حضرت داؤد علیہ السلام کو نہایت خوب صورت اور مترنم آواز عطا فرمائی تھی۔ جب آپ علیہ السلام زبور پڑھتے
یا اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح بیان فرماتے تو انسان، پرندے اور پہاڑ بھی آپ علیہ السلام کے ساتھ حمد و ثنا کرتے

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ہم نے پہاڑوں کو ان کے زیر فرمان کر دیا تھا کہ صبح و شام ان کے ساتھ (خدائے) پاک (کا) ذکر کرتے تھے۔ (سورۃ ص، آیت: 18)

downloaded from https://infohubmssissed.com/




حضرت داؤد علیہ السلام نے ستر (70) سال حکومت کی۔
آپ علیہ السلام نے سو سال عمر پائی۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ رزق حلال کمانے کے لیے کوئی جائز پیشہ اختیار کرنا انبیاء کرام علیہم السلام و صالحین کا مقدس طریقہ ہے۔ محنت، صبر، انصاف اور توکل علی اللہ اپنا کر انسان دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کرتا ہے۔



Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے جدِ امجد ہیں:

الف۔ حضرت صالح علیہ السلام     ب۔ حضرت ہود علیہ السلام

ج۔ حضرت لوط علیہ السلام     د۔ حضرت یعقوب علیہ السلام ✓

حضرت داؤد علیہ السلام نے حکومت کی:

الف۔ 50 سال     ب۔ 60 سال

ج۔ 70 سال ✓     د۔ 80 سال

حضرت داؤد علیہ السلام نے عمر پائی:

الف۔ 90 سال     ب۔ 100 سال ✓

ج۔ 110 سال     د۔ 120 سال

حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہونے والی الہامی کتاب ہے:

الف۔ توراتِ مقدس     ب۔ زبورِ مقدس ✓

ج۔ انجیلِ مقدس     د۔ قرآن مجید

حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا:

الف۔ لکڑی     ب۔ لوہا ✓

ج۔ سونا     د۔ پتھر

## خالی جگہ پُر کریں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو نبوّت کے ساتھ بادشاہت بھی عطا فرمائی۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

حضرت داؤد علیہ السلام عبادت کے کاموں میں اپنی مثال آپ تھے۔

ب۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو خوب صورت آواز عطا فرمائی تھی۔

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام نرم لوہے سے زرہیں بنا لیتے تھے۔

د۔ رزق حلال کمانے کے لیے جائز پیشہ اختیار کرنا انبیاء کرام کا طریقہ ہے۔

ہ۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا تعارف لکھیں۔

ب۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کوئی سی دو خوبیاں لکھیں۔

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزات لکھیں۔

ب۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی میں ہمارے لیے کیا سبق ہے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح میں کون کون سی مخلوق شامل ہوتی تھی؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں کمرا جماعت میں ہونے والے ذہنی آزمائش کے مقابلے میں حصہ
- قصص الانبیاء سے حضرت داؤد علیہ السلام کے بارے میں مزید پڑھیں اور اپنے ساتھیوں کو بھی بتائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- حضرت داؤد علیہ السلام کی ذاتی خصوصیات کے تناظر میں طلبہ کو حسن تلاوت کی ترغیب دیں۔
- طلبہ کو قرآن و حدیث کی روشنی میں حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں تفصیلاً آگاہ کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infohubofmssissed.com/

Scanned with CamScanner

# (2) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی ولادت اور پرورش کے واقعات جان سکیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ، تعلیمات اور صفات کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔

حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام فلسطین کے علاقے "بیت اللحم" میں پیدا ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی طرف نبی بنا کر بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو آسمانی کتاب "انجیلِ مقدس" عطا فرمائی۔ قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک لقب مسیح بھی آیا ہے۔

**مزید جانیے!**

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب "کلمۃ اللہ" اور "روح اللہ" ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام حضرت مریم علیہا السلام ہے۔ آپ عبادت گزار اور نیک خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بڑی فضیلت عطا فرمائی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بچپن میں اپنی والدہ کی گود میں لوگوں سے باتیں کیں۔

ارشادِ ربانی ہے:

ترجمہ: بچے نے کہا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے۔ اور میں جہاں ہوں (اور جس حال میں ہوں) مجھے صاحبِ برکت کیا ہے اور جب تک میں زندہ ہوں مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا ارشاد فرمایا ہے۔ مجھے اپنی والدہ کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا (بنایا ہے) اور سرکش و بدبخت نہیں بنایا۔ اور جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ کر کے اُٹھایا جاؤں گا مجھ پر سلام (و رحمت) ہے۔
(سورۃ مریم، آیت: 30-33)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعوت کا آغاز تیس سال کی عمر میں کیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی تلقین کی۔ آپ علیہ السلام نے اپنی قوم کو جھوٹ، فریب، حسد اور بُغض جیسے برے اخلاق ترک کرنے کی تاکید کی۔ آپ علیہ السلام نے اپنی قوم کو حلال و حرام کے بارے میں بھی بتایا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام


NOT FOR SALE-PESRP
downloaded from https://infohubhrmsspressed.com
Scanned with CamScanner

جہاں بھی جاتے، لوگوں کو اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا پیغام سناتے رہے۔ اس طرح آپ علیہ السّلام کے پیروکاروں میں اضافہ ہونے لگا۔ یہ بات آپ علیہ السّلام کے مخالفین کے لیے ناقابلِ برداشت تھی۔ انھوں نے حکومتِ وقت کے ساتھ مل کر آپ علیہ السّلام کی جان لینے کی کوشش کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی سازش کو ناکام بنا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو اپنی قدرت سے زندہ آسمانوں پر اُٹھالیا۔ قرآن مجید میں ہے:

**یاد رکھیں!**

جو لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر ایمان لائے قرآن مجید میں ان کے لیے لفظ ''حواری'' استعمال ہوا ہے۔

بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ (سورۃ النساء، آیت: 158)

ترجمہ: بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اُٹھالیا ہے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام آسمانوں پر زندہ ہیں۔ وہ قیامت کے نزدیک دنیا میں دوبارہ تشریف لائیں گے۔ زمین پر شریعتِ محمدی کے مطابق زندگی بسر کریں گے۔ آپ علیہ السّلام زمین پر اللہ تعالیٰ کا نظام نافذ کریں گے۔ دجّال اور اُس کے ساتھیوں کا خاتمہ کریں گے۔

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/

## معجزات

- آپ علیہ السّلام مٹی کا پرندہ بنا کر اس میں پھونک مارتے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُڑنا شروع کر دیتا۔
- آپ علیہ السّلام پیدائشی اندھے اور کوڑھ کے مریض کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفایاب کر دیتے۔
- اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ علیہ السّلام مُردوں کو زندہ کر دیتے۔
- آپ علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے لوگوں کو بتا دیتے تھے کہ وہ کیا کھا کر آئے ہیں اور اُن کے گھروں میں کیا کچھ موجود ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے سچے نبی اور رسول ہیں۔ ان کی زندگی میں ہمارے لیے یہ نصیحت ہے کہ ہم دین کا کام اخلاص سے کریں اور مشکلات اور پریشانیوں سے ہرگز نہ گھبرائیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کی ہر حال میں مدد کرتا ہے اور انھیں کبھی بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا۔ جو لوگ دین کی خاطر سختیاں برداشت کرتے ہیں، انھیں آخرت میں کامیابی ملے گی اور اپنے رب کی بارگاہ میں سرخرو ہوں گے۔

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ہے:

الف۔ حضرت مریم علیہا السلام ✓ | ب۔ حضرت آسیہ علیہا السلام
ج۔ حضرت ہاجرہ علیہا السلام | د۔ حضرت سارہ علیہا السلام

ب۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے:

الف۔ ایران میں | ب۔ فلسطین میں ✓
ج۔ عراق میں | د۔ ترکی میں

ج۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعوت کا آغاز کیا:

الف۔ پندرہ سال کی عمر میں | ب۔ بیس سال کی عمر میں
ج۔ پچیس سال کی عمر میں | د۔ تیس سال کی عمر میں ✓

د۔ قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں کو کہا گیا ہے:

الف۔ مہاجر | ب۔ حواری ✓
ج۔ انصار | د۔ صحابی

ہ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے:

الف۔ روح اللہ ✓ | ب۔ کلیم اللہ
ج۔ خلیل اللہ | د۔ ذبیح اللہ

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام حضرت مریم ہے۔

downloaded from https://infohubhrmssissued.com/



OR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

ب۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمانی کتاب انجیل مقدس عطا کی۔

ج۔ دین کی خاطر سختیاں برداشت کرنے والوں کو آخرت میں کامیابی ملے گی۔

د۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمانوں پر اُٹھالیا۔

ہ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی والدہ کی گود میں لوگوں سے کلام کیا۔

## 3۔ مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے تعارف میں دو جملے لکھیں۔

ب۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دنیا میں دوبارہ تشریف آوری کے بارے میں لکھیں۔

ج۔ لوگوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کیوں کی؟

د۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں ہمارے لیے کیا نصیحت ہے؟

downloaded from https://

## 4۔ تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے والدہ کی گود میں لوگوں سے کیا بات کی؟

ب۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کمرا جماعت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں منعقد ہونے والے ایک ذہنی آزمائش کے مقابلے میں حصہ لیں۔
- دنیا کے تین بڑے مذاہب کے نام اور عبادت گاہوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت، پرورش اور حالاتِ زندگی کے بارے میں سادہ اور آسان پیرائے میں سمجھائیں۔
- طلبہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات، دعوت وتبلیغ اور فتنۂ دجال کے بارے میں تفصیلاً آگاہ کریں۔
- طلبہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لقب 'مسیح' کے بارے میں بتائیے کہ قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے اور اس کا معنی کیا ہے۔



NOT FOR SALE-PES

Scanned with CamScanner

# (3) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- خلیفہ چہارم حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پرورش، حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح، اولاد اور حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں۔
- آیت مباہلہ کے تناظر میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام و مرتبہ جان سکیں۔
- حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت، عدالت، اخلاق و عادات اور علمی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔
- اسلام کے لیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات سے آگاہ ہو سکیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت کے واقعات جان سکیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفات جان کر روزمرہ زندگی میں ان کو اپنا سکیں۔

downloaded from https://informationbhmssissed.com/

**مزید جانیے!**

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

(سنن الترمذی، حدیث: 3723)

ضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ راشد ہیں۔

پ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ کے چچازاد بھائی اور داماد ہیں۔ قبولِ اسلام کے وقت آپ رضی اللہ الیٰ عنہ کی عمر دس برس تھی۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق بنو ہاشم سے تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام حضرت ابوطالب والدہ کا نام حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب حیدر، کنیت ابوتُراب اور ابوالحسن ہے۔

کرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما جیسے مایہ ناز بیٹے عطا فرمائے، جنھیں نبی م صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جنّتی نوجوانوں کے سردار قرار دیا۔

## ت و کردار

ت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچپن ہی سے پاکیزہ اخلاق کے مالک تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بے حد سخی،



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

فیاض اور ایثار کرنے والے تھے۔ نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
میں بے مثال تھے۔ شجاعت و بہادری اور سخاوت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سب سے نمایاں خوبیاں تھیں
المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام غزوات میں بہادری کے خوب جوہر دکھائے، جن میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
مکہ کے نامی گرامی سرداروں کو جہنم واصل کیا۔ غزوۂ خیبر میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
نے مشہور یہودی سردار "مرحب" کو پہلے ہی وار میں قتل کر دیا تھا، جس کی وجہ
سے یہودیوں کا مضبوط قلعہ "ناعم" فتح ہوا۔ اسی وجہ سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کو "فاتح خیبر" اور "اسد اللہ" یعنی اللہ تعالیٰ کا شیر کہا جاتا ہے۔

**فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**

علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) مجھ سے
میں علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے
(ابن ماجہ، باب فی فضائل اصحاب)

## فضائل

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچپن ہی سے لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کاتبِ وحی اور حافظ
تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرآن مجید کی ہر آیت کے شانِ نزول کے بارے میں جانتے تھے۔ علم فقہ میں آپ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کو نمایاں مقام حاصل تھا۔ صلح حدیبیہ کا معاہدہ بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دستِ مبارک سے تحریر
صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے کو بہت اہمیت دی جاتی تھی۔ تینوں خلفائے راشدین
کے دور میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) اور مجلسِ شوریٰ کے ممتاز رکن رہے۔ حضرت علی المرتضیٰ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار السابقون الاولون اور بیعتِ رضوان کرنے والے صحابہ میں بھی ہوتا ہے۔

ہجری میں نجران سے مسیحیوں کا ایک وفد مدینہ منورہ آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں اسلام کی دعوت دی
دعوت قبول کرنے کی بجائے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بحث کرنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
انھیں کہا کہ اگر تمھیں میری باتوں میں کوئی شک ہے تو آؤ مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ جھوٹے پر اللہ تعالیٰ

downloaded from https://infohubhrmussed.com/

قرآن مجید میں اس واقعے کا ذکر آیتِ مباہلہ میں یوں بیان کیا گیا ہے:

تو کہ دیجیے! آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں، تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم خود بھی آئیں اور تم خود بھی آؤ، پھر سب اللہ تعالیٰ سے دعا و التجا کریں اور جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت بھیجیں۔ (سورۃ آل عمران، آیت: 61)

**جاننے کی بات!**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا اور حضرت حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنھما کو بلایا اور فرمایا: اے اللہ تعالیٰ! یہ میرے اہل بیت ہیں۔ (صحیح مسلم: کتاب فضائل صحابہ)

اگلی صبح نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے اہلِ بیت کے ساتھ مباہلے کے لیے میدان میں پہنچے۔ عیسائیوں کو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے مباہلے کی جرأت نہ ہوئی اور انھوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے صلح کی درخواست کی جسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے قبول فرما لیا۔

downloaded from https://infohubhmerissed.com/

## خدمات

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دورِ خلافت تقریباً چار سال نو ماہ ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دور اندیشی اور حکمت عملی سے مدینہ منورہ میں امن قائم کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ملک کی حفاظت کے لیے کئی بڑی اور چھوٹی چھاؤنیاں قائم کیں۔ دریائے فرات پر ایک پل تعمیر کرایا۔ قلعے اور مساجد تعمیر کرائیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیت المال کی حفاظت کا اہتمام کیا۔ قاضیوں کو دینِ حق کے مطابق فیصلے کرنے کا حکم دیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عدل و انصاف سے متاثر ہو کر کئی لوگوں نے اسلام قبول کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سے علاقے فتح کیے اور اسلامی ریاست کو وسعت دی۔

## شہادت

سن 40 ہجری رمضان المبارک میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفہ کی ایک مسجد میں نمازِ فجر ادا کر رہے تھے۔ عبدالرحمٰن بن ملجم نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تلوار کا وار کر کے زخمی کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ 21 رمضان المبارک کو شہید ہوئے۔



Scanned with CamScanner

حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آرام گاہ عراق کے شہر نجف میں ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنی دنیا و آخرت کو سنواریں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں۔ دینِ اسلام کی سربلندی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اے علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تمھاری میرے ساتھ نسبت ایسی ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہارون کی۔ البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔
(صحیح بخاری: کتاب المغازی)

downloaded from https://infohubhrmssised.com



Scanned with CamScanner

# مشق

1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق تھا:

الف۔ بنو اسد سے　　ب۔ بنو مخزوم سے

ج۔ بنو ہاشم سے　　د۔ بنو تیم سے

ب۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہودیوں کے مضبوط قلعے کو فتح کیا:

الف۔ ناعم　　ب۔ قموص

ج۔ صعب　　د۔ السلالم

ج۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دورِ خلافت ہے:

الف۔ چار سال نو ماہ　　ب۔ پانچ سال نو ماہ

ج۔ چھے سال نو ماہ　　د۔ سات سال نو ماہ

د۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک پُل تعمیر کروایا:

الف۔ دریائے فرات پر　　ب۔ دریائے نیل پر

ج۔ دریائے دجلہ پر　　د۔ دریائے جیحون پر

ہ۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے:

الف۔ 21 محرم الحرام کو　　ب۔ 21 جمادی الاول کو

ج۔ 21 رمضان المبارک کو　　د۔ 21 ذی القعدہ کو

2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے ______ خلیفہ ہیں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

ا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب ______ ہے۔

ب۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام ______ ہے۔

ج۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر ______ برس تھی۔
قبولِ اسلام کے وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر ______ برس تھی۔

د۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آخری آرام گاہ ______ میں ہے۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی علمی فضیلت لکھیں۔

ب۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے القابات تحریر کریں۔

ج۔ مباہلے میں نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ کون تھے؟

د۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غزوۂ خیبر میں کیا کردار ادا کیا؟

ب۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات بیان کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کمرا جماعت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی، اخلاق، سخاوت، شجاعت اور علمی فضیلت کے بارے میں ہونے والے ذہنی آزمائش کے مقابلے میں حصہ لیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت کی کتاب سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت و بہادری کے واقعات پڑھیں اور اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل، علمی قابلیت اور خدمات کے بارے میں تفصیلاً آگاہ کریں۔
- طلبہ کے درمیان ایک مباحثہ کروائیں جس سے طلبہ نہ صرف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالاتِ زندگی سے آشنا ہوں بلکہ ان پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق و عادات اور علمی فضیلت بھی واضح ہو جائے۔



NOT FOR SALE-PESRP
downloaded from https://infohubformssigned.com/
Scanned with CamScanner

# (4) صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم

حاصلاتِ تعلّم:

(اس) سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے عظمت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔
- سبق میں دیے گئے صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات کے متعلق اجمالی طور پر جان سکیں۔
- اسلام کی اشاعت بالخصوص برصغیر میں صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی خدمات سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

(صو)فیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے ہیں، جو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے احکام کی مکمل پابندی کرتے ہیں (او)ر دوسروں کو بھی اس کی تعلیم دیتے ہیں۔ صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی زندگی کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کے دین کی اشاعت و تبلیغ ہے۔ (اس) مقصد کی تکمیل کے لیے انھوں نے دنیا کے دُور دراز علاقوں تک اسلام پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم (کے) حسنِ اخلاق، حسنِ عمل اور تبلیغِ دین کے نتیجے میں بے شمار بھٹکے ہوئے لوگ راہِ راست پر آئے اور کئی لوگوں نے اسلام (قب)ول کیا۔

(اس) سبق میں ہم چند صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے مختصر حالاتِ زندگی اور تعلیمات کے بارے میں پڑھیں گے۔

## (شی)خ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

(حض)رت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار عظیم صوفیہ میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ 470 ہجری میں ایران کے صوبے جیلان (می)ں پیدا ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام عبدالقادر، کنیت ابو محمد اور لقب محی الدین، شیخ الاسلام اور تاج العارفین ہے۔

(شی)خ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید حفظ کیا اور پھر دیگر اسلامی علوم (حا)صل کیے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے دَور کے عظیم فقیہ تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی (م)شہور تصانیف مفاتیح الغیب اور غنیۃ الطالبین ہیں۔

> **یاد رکھیں!**
> شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:
> تھوڑی چیز پر خوش رہو اور اس پر قناعت کرو۔

(آ)پ رحمۃ اللہ علیہ نے چالیس برس تک لوگوں کی اصلاح کا کام سرانجام دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو تعلیم دی کہ خود کو اپنے (ن)یک اعمال سے آراستہ کریں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے 561 ہجری میں وفات پائی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار بغداد میں ہے۔

downloaded from https://infomathrmssissed.com



Scanned with CamScanner

## حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار اپنے دَور کے اکابر صوفیہ میں ہوتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فقہ اور تصوف کے بہت بڑے عالم تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ ایک صوفی شاعر کے طور پر مشہور ہوئے۔ حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ 604 ہجری میں خراسان کے شہر بلخ میں پیدا ہوئے۔

**جاننے کی بات!**

حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو تعلیم دی کہ اللہ تعالیٰ ... دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ... اور محنت ضروری ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام محمد اور لقب جلال الدین ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ مولانا رومی کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ نے لوگوں کو میانہ روی اختیار کرنے اور غرور و تکبر سے دور رہنے کا درس دیا۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ کی مایہ ناز ... "مثنوی معنوی" ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تقریباً 68 برس کی عمر میں 672 ہجری میں قونیہ میں وفات پائی اور وہیں پر ...

## حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا نام علی اور کنیت ابوالحسن ہے۔ حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ 1009ء میں افغانستان کے شہر غزنی کے قریب ہجویر میں پیدا ہوئے۔ حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے بہت بڑے صوفی اور ولی اللہ تھے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو باعمل زندگی گزارنے کی ... دی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ... ساتھ عمل بھی ضروری ہے۔

حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کی اصلاح کے لیے بہت سی کتابیں لکھیں۔ حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیفات "کشف المحجوب" اور "کشف الاسرار" ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے 1072ء میں لاہور میں وفات پائی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار لاہور میں ہے۔

## سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ

سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ برصغیر کے بہت بڑے عالم دین، صوفی، محدث اور فقیہ ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ 1171 ہجری میں سندھ کے ضلع خیرپور میں پیدا ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی کا زیادہ تر حصہ خدمت خلق میں بسر کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کی روحانی اصلاح اور تربیت فرمائی۔

**اہم معلومات!**

سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ کی ... تصانیف میں آداب المریدین، ... لغت جمع الجوامع، شرح اسماء الحسنیٰ اور ... مکاتیب شامل ہیں۔

Downloaded from https://informationsissed.com/



Scanned with CamScanner

شریعت اور سنت کی تبلیغ کے لیے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے سندھ کے علاوہ شمالی پنجاب، بلوچستان، رن کچھ اور راجستھان تک کے سفر کیے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے 1234 ہجری کو 63 برس کی عمر میں وفات پائی۔

# مشق

1. درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا سن پیدائش ہے:

الف۔ 470 ہجری　ب۔ 471 ہجری

ج۔ 472 ہجری　د۔ 473 ہجری

شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کی اصلاح کا کام سرانجام دیا:

الف۔ 20 سال تک　ب۔ 30 سال تک

ج۔ 40 سال تک　د۔ 50 سال تک

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار واقع ہے:

الف۔ قونیہ میں　ب۔ بلخ میں

ج۔ بغداد میں　د۔ دمشق میں

حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت ہے:

الف۔ ابوالحسن　ب۔ ابوحذیفہ

ج۔ ابومحمد　د۔ ابوحمزہ

سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے:

الف۔ 1169 ہجری میں　ب۔ 1170 ہجری میں

ج۔ 1171 ہجری میں　د۔ 1172 ہجری میں

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## 2- خالی جگہ پُر کریں۔

ا- صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم نے دنیا کے دُور دراز علاقوں تک ______ پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔

ب- شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے دَور کے عظیم ______ تھے۔

ج- مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو ______ اختیار کرنے کا درس دیا۔

د- حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو ______ زندگی گزارنے کی ترغیب دی۔

ہ- سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی کا زیادہ تر حصہ ______ میں بسر کیا۔

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

ا- حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کے نام لکھیں۔

ب- سید محمد راشد روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہ نے تبلیغ دین کے لیے کن علاقوں کا سفر کیا؟

ج- حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کی وجہ شہرت لکھیں۔

د- شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کو کیا تعلیم دی؟

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔

ا- کوئی سے دو صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے عظمت و کردار کے بارے میں تحریر کریں۔

ب- صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی تعلیمات سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی تعلیمات کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- کمرا جماعت میں صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی زندگی کے بارے میں منعقد ہونے والے ایک ذہنی آزمائش کے مقابلے میں حصہ لیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے حالاتِ زندگی اور عظمت و کردار سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کی تعلیمات اپنانے کی ترغیب دیں۔

downloaded from https://hbhubhrmsessed.com/



Scanned with CamScanner

باب ہفتم

# اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

## (1) حادثات سے بچنے کی تدابیر

**حاصلاتِ تعلّم:**

س سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنّت کی روشنی میں:

- انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت کی ضرورت و اہمیت کو جان سکیں۔
- ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- عصرِ حاضر میں ناگہانی صورتوں میں اپنے تحفظ کی تدابیر سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- اسلامی تعلیمات کی پیروی کرتے ہوئے حادثات کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

سلام تکریمِ انسانیت کا دین ہے۔ یہ اپنے ماننے والوں کو امن اور برداشت کی تعلیم دیتا ہے۔ ایک دوسرے کا احترام کھاتا ہے۔ اسلام میں کسی انسانی جان کی قدر و قیمت اور حُرمت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس نے بغیر کسی وجہ کے ی فرد کے قتل کو پوری انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا ہے۔ دوسروں کو، زبان یا ہاتھ سے تکلیف پہنچانا، راستے میں اوٹ کھڑی کرنا، سڑک پر تیز رفتاری سے گاڑی چلانا، ٹریفک قوانین کا خیال نہ رکھنا اور غلط پارکنگ کرنا بھی انسانی جان تکلیف دینے کے برابر ہے۔ اسلامی تعلیمات ہمیں یہ سکھاتی ہیں کہ ہمیں خود بھی ان مصائب سے بچنا چاہیے اور دوسروں کو ی محفوظ رکھنے کی بھی کوشش کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

جس نے ایک انسان کی جان بچائی، گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ (سورۃ المائدۃ، آیت: 32)

ی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے انسانی جان کی حفاظت کے بارے میں فرمایا:

ہر مسلمان کا خون، مال اور عزت و آبرو دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔ (سنن ابن ماجہ: کتاب الفتن)

رگی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔ اس کی حفاظت کرنا فرض ہے۔ ہر وہ چیز جو انسانی جان کے لیے خطرے، نقصان یا ہلاکت کا ث ہو۔ اسلام میں اُس سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مثلاً نشہ آور چیزوں کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ جان کی حفاظت کے سلسلے



NOT FOR SALE-PESRP

میں قرآن مجید میں واضح ہدایات ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ (سورۃ البقرۃ، آیت: 195)

ترجمہ: (اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔)

جو شخص اپنی جان، مال اور عزت کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے اسے شہید قرار دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے انسانی جان کی حفاظت اور حادثات سے بچنے کے لیے تدابیر بیان فرمائیں۔ مثلاً بیماری یا شدید سردی کے موسم میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے وضو کی بجائے تیمم کی اجازت دی ہے۔

دینِ اسلام ناگہانی آفات کی صورت میں انسانی جان کے تحفظ کی ترغیب دیتا ہے۔ ناگہانی آفات میں سیلاب، آندھی طوفان اور وبا وغیرہ شامل ہیں۔ وبا پھیلنے کی صورت میں اہلِ علاقہ نہ تو وہاں سے ہجرت کریں اور نہ ہی کوئی علاقے میں داخل ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا:

"جب تم کسی علاقے میں وبا (طاعون) کے بارے میں سنو، تو اس میں نہ جاؤ اور اگر کسی علاقے میں طاعون پھیل جائے اور تم اس میں ہو تو اس سے نہ نکلو۔" (صحیح بخاری: کتاب احادیث الانبیاء)

ایک مسلمان کی حیثیت سے زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی زندگی کی بھی حفاظت کریں اور دوسروں کو نقصان نہ پہنچائیں۔ اپنے آپ کو حادثات سے بچانے کے لیے درج ذیل تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے۔

- جو چیزیں صحت کے لیے نقصان دہ ہیں، اُن سے اجتناب کریں۔
- سڑک پار کرتے ہوئے جلد بازی نہ کی جائے۔
- ٹریفک کے اصولوں کی پابندی کریں اور دورانِ ڈرائیونگ تیز رفتاری سے اجتناب کیا جائے۔
- حادثے کی صورت میں ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔
- راستوں اور سڑک پر تعمیرات کر کے انھیں تنگ نہ بنایا جائے۔
- زلزلے اور سیلاب کے موقع پر ضروری حفاظتی تدابیر اختیار کی جائیں۔

downloaded from https://informationmississed.com/



Scanned with CamScanner

وبا کی صورت میں ڈاکٹروں کی ہدایات پر عمل کیا جائے۔

بارش کے دنوں میں بجلی کے کھمبوں اور برقی آلات سے دور رہیں۔

بجلی کی گری ہوئی تاروں کے قریب نہ جائیں۔

سخت سردی اور گرمی کی صورت میں احتیاط کریں۔

گیس کے ہیٹر اور چولھے غیر ضروری طور پر کھلے نہ چھوڑیں۔

**فرمانِ مصطفیٰ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ

کسی کو نقصان پہنچانا جائز نہیں نہ ابتداءً نہ بدلے کے طور پر۔

(سنن ابن ماجہ: کتاب الاحکام)

...ات کے مواقع پر حکومت کے سب ادارے لوگوں کی جان و مال بچانے اور مصیبت زدہ لوگوں کو ہر طرح کی مدد پہنچا... مصروف ہوجاتے ہیں۔ اس موقع پر جو قانون یا ضابطے نافذ ہوں، ان پر عمل کریں۔ صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑ... پرسکون رہنے کی کوشش کریں۔ متاثرین کو فوراً ابتدائی طبی امداد فراہم کریں۔ محفوظ مقامات تک پہنچانے، کھانے ... اشیاء کی فراہمی اور عارضی رہائش مہیا کرنے کے انتظامات کریں۔

downloaded from https://informationbhrmssisscom/



...R SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

ا۔ زندگی کی حفاظت کرنا ہے:

الف۔ سنّت ب۔ مستحب ج۔ فرض د۔ واجب

ب۔ نشہ آور چیزیں انسانی صحت کے لیے ہیں:

الف۔ مفید ب۔ خطرناک ج۔ علاج د۔ خوراک

ج۔ جو شخص اپنی جان کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ ہے:

الف۔ بہادر ب۔ شہید ج۔ بزدل د۔ کمزور

د۔ تیمم کی اجازت ہے:

الف۔ بیماری میں ب۔ صحت میں ج۔ سفر میں د۔ مصروفیت میں

ہ۔ حادثے کی صورت میں رجوع کیا جائے:

الف۔ ڈاکٹر سے ب۔ وکیل سے ج۔ جج سے د۔ استاد سے

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ اسلام تکریمِ انسانیت کا ______ ہے۔

ب۔ زندگی اللہ تعالیٰ کی ______ ہے۔

ج۔ دینِ اسلام ناگہانی آفات کی صورت میں انسانی جان کے ______ کی ترغیب

د۔ بارش کے دنوں میں ______ سے دور رہیں۔

ہ۔ ناگہانی آفات کے موقع پر نافذ قانون پر ______ ہونا چاہیے۔

downloaded from https://inforubhrmssissed.com/



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

## 3- مختصر جواب لکھیں۔

الف- اسلام میں کن چیزوں سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ب- نشہ آور چیزوں کے بارے میں اسلام نے کیا حکم دیا ہے؟

ج- اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنے کے بارے میں قرآن مجید کی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

د- زندگی کی حفاظت کے لیے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے کیا اصول مقرر کیا ہے؟

## 4- تفصیلی جواب لکھیں۔


الف- انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔


ب- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ناگہانی آفات سے بچاؤ کی تدابیر تحریر کریں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- ابتدائی طبی امداد اور حادثات سے بچنے کی تدابیر پر ایک خاکہ تیار کریں اور کمرا جماعت میں پیش کریں۔
- درج ذیل تصاویر کی مدد سے ابتدائی طبی امداد اور حادثات سے بچنے کی تدابیر پر ایک پوسٹر بنائیں۔







برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو انسانی جان و مال کی عزت و حرمت کا معنی و مفہوم سادہ اور آسان پیرائے میں سمجھائیں۔
- ٹریفک قوانین کی پابندی کے فائدوں اور تجاوزات کے خاتمے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔



OR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# (2) پودوں اور درختوں کی اہمیت

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- پودوں اور درختوں کی اہمیت جان سکیں۔
- پودوں اور درختوں سے حاصل ہونے والے فوائد کو سمجھ سکیں۔
- پودوں اور درختوں کی حفاظت اور استعمال کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔
- ماحولیاتی تبدیلی میں پودوں اور درختوں کے کردار کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔

پودے اور درخت انسانی زندگی کے لیے ضروری ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر پودوں اور درختوں کا ذکر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ (سورۃ لقمان، آیت: 10)

ترجمہ: پھر (اُس پانی سے) اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اُگائیں۔

درخت اور پودے اللہ تعالیٰ کے انعامات میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے درختوں اور پودوں کو زمین کا حسن اور ... قرار دیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

وہی (اللہ تعالیٰ) تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا، جسے تم پیتے بھی ہو اور اس سے درخت بھی (شاداب ہوتے ہیں) جن میں تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو۔ (سورۃ النحل، آیت: 10)

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے پودوں اور درختوں کی مختلف اقسام کا ذکر کیا ہے۔ اور انسانوں کے لیے اُن کے فائدے بھی بیان کیے ہیں۔ درخت اور پودے نہ صرف ہوا میں موجود آلودگی کو اپنے اندر جذب کر کے اسے صاف شفاف بناتے ہیں بلکہ درجۂ حرارت میں کمی بھی لاتے ہیں اور ماحول کو خوش گوار بناتے ہیں۔ نباتات سے انسان اور حیوان اپنی غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ درختوں پر چرند پرند اور کئی حیوانات اپنے مسکن بناتے ہیں۔

> **یاد رکھیں!**
> شجر کاری سے زمین کے کٹاؤ اور لینڈ سلائیڈنگ میں کمی واقع ہوتی ہے۔

اسی طرح نباتات سے کئی قسم کی دوائیں بھی بنائی جاتی ہیں۔ ان کی لکڑی سے گھر، فرنیچر کا سامان اور حرارت و روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ شدید گرمی میں چھاؤں اور شدید سردی میں حرارت و روشنی حاصل کرنے کا ذریعہ بھی یہی درخت ہیں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر زمین سے درخت اور پودے ناپید ہو جائیں تو زندگی کا وجود بھی ختم ہو جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ دینِ اسلام نے شجر کاری کو بہترین



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://informationmissed.com/

Scanned with CamScanner

(درخت) اور صدقہ جاریہ قرار دیا ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

(جو مسلمان درخت لگائے یا فصل بوئے پھر اس میں سے جو پرندہ یا انسان یا چوپایہ کھائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ شمار ہوگا۔) (صحیح البخاری: کتاب المزارعۃ)

(درخت) اور پودے لگانا سنّتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنے (دستِ) مبارک سے کھجور کے پودے لگائے اور اپنی امت کو بھی شجر کاری کی تلقین فرمائی۔

(ا)یک اور موقع پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایسی زمین کو کاشت کرنے کی ترغیب فرمائی جو کسی کے استعمال (میں) نہ ہو یا بنجر ہو۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

(جس کے پاس زمین ہو، اسے اس زمین میں کاشت کاری کرنی چاہیے، اگر وہ خود کاشت نہ کرسکتا ہو تو اپنے کسی مسلمان بھائی کو دے، تاکہ وہ کاشت کرے۔) (صحیح مسلم: کتاب البیوع)

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

اگر تم میں سے کسی کے ہاتھ میں کھجور کا پودا ہو اور قیامت آجائے تو اس سے پہلے تم وہ پودا ضرور لگاؤ۔ (مسند احمد، حدیث: 12777)

(ن)بی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیم کا ہی نتیجہ تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم صدقے کی نیت سے شجر کاری (کا) خاص اہتمام فرماتے تھے۔ قرآن مجید واحادیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ میں درختوں کو بلاوجہ کاٹنے کی مذمت فرمائی گئی ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سرسبز وشاداب پودوں اور درختوں کا انسانی جسم وذہن پر اچھا اثر پڑتا ہے اور ذہنی دباؤ کم ہوتا ہے۔

(م)ندرجہ بالا قرآنی آیات واحادیث سے پتہ چلتا ہے کہ شجر کاری نیکی اور ثواب کا (کام) ہے۔ اس میں دین ودنیا کے لیے بے شمار فوائد ہیں۔ پچھلے کچھ سالوں سے (ہ)ماری زمین کا درجۂ حرارت تیزی سے بڑھ رہا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ مسئلہ زیادہ سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ موجودہ دَور میں عالمی حرارت کا مسئلہ سنگین صورت حال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ اس مسئلے سے بچنے اور دیگر فوائد حاصل کرنے کے لیے ہمیں چاہیے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ ان کی حفاظت اور دیکھ بھال کریں۔ اپنے اردگرد موجود لوگوں میں شجر کاری کا شعور بیدار کریں۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے محفوظ رہنے اور ماحول کو بہتر بنانے کے لیے پورا سال شجر کاری کا کام جاری رکھیں۔ درخت اور پودے لگانا ایک اہم دینی وقومی فریضہ ہے۔ ہمیں چاہیے کہ خود بھی نیکیاں کمائیں اور اپنے ساتھیوں کو بھی اس کی ترغیب دیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

downloaded from https://infohubforms.com

Scanned with CamScanner

# مشق

## 1۔ درست بیان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

الف۔ شجرکاری کا مطلب ہے:

الف۔ درخت لگانا
ب۔ صفائی کرنا
ج۔ پانی پلانا
د۔ پانی بچانا

ب۔ درخت اور پودے کمی لاتے ہیں:

الف۔ آکسیجن میں
ب۔ معدنیات میں
ج۔ درجہ حرارت میں
د۔ آبی بخارات میں

downloaded from https://infohubhrmssisced.com/

ج۔ شجرکاری سے زمین میں کمی واقع ہوتی ہے:

الف۔ سیم وتھور میں
ب۔ زرخیزی میں
ج۔ کٹاؤ میں
د۔ معدنیات میں

د۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنے ہاتھ سے درخت لگائے:

الف۔ زیتون کے
ب۔ کھجور کے
ج۔ ناریل کے
د۔ انجیر کے

ہ۔ دین اسلام نے شجرکاری کو قرار دیا ہے:

الف۔ بہترین تجارت
ب۔ بہترین مال
ج۔ بہترین فریضہ
د۔ بہترین صدقہ

## 2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ درخت اور پودے اللہ تعالیٰ کے انعامات میں سے ایک ہیں۔

ب۔ درختوں پر چرند پرند اور کئی حیوانات اپنے مسکن بناتے ہیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے درختوں اور پودوں کی شجرکاری کی تلقین فرمائی ہے۔

درخت اور پودے ہوا میں موجود آلودگی کو اپنے اندر جذب کر کے صاف بناتے ہیں۔

حدیث میں درختوں کو بلاوجہ کاٹنے کی مذمت بیان فرمائی گئی ہے۔

## مختصر جواب لکھیں۔

شجرکاری کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

حیوانات اور چرند پرند کے لیے درخت کیا اہمیت رکھتے ہیں؟

شجرکاری کے تین فائدے لکھیں۔

عالمی حرارت کے مسئلے سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

## تفصیلی جواب لکھیں۔

قرآن وسنّت کی روشنی میں شجرکاری کی اہمیت تحریر کریں۔

شجرکاری کے بارے میں اُسوۂ حسنہ سے مثالیں لکھیں۔

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/

## سرگرمیاں برائے طلبہ

اپنے اسکول اور محلے میں کسی شجرکاری مہم میں حصہ لیں۔ اپنے حصے کا پودا لگائیں اور اس کی دیکھ بھال کا انتظام کریں۔

"دورِحاضر میں شجرکاری کی اہمیت" کے موضوع پر کمرا جماعت میں منعقد ہونے والے تقریری مقابلے میں حصہ لیں۔

اساتذۂ کرام/ والدین سے عالمی حرارت کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

### اساتذۂ کرام

- طلبہ کو ماحول دوست درختوں اور نباتات کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو پودوں اور درختوں کی اہمیت سمجھائیں۔ اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے شجرکاری کی ترغیب دلائیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Scanned with CamScanner

# فرہنگ

## بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

### الف: حفظ و ناظرہ قرآن مجید

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| بابرکت | برکت والی |
| قواعد | اصول، بنیادیں |
| سفارش | شفاعت۔ کسی کی بھلائی کے لیے اچھی بات کہنا |

### ب: حفظ قرآن مجید

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حفظ کرنا | یاد کرنا |
| فضیلت | اہمیت |
| شر | برائی |

### ج: حفظ و ترجمہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| روزِ جزا | بدلے کا دن |
| گمراہ | بھٹکا ہوا |
| قولی | کہی ہوئی بات |
| فعلی | کیا ہوا کام |
| مستحق | حق دار |

### د: حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حیا | شرم |

| | |
|---|---|
| محروم | روکا گیا۔ حرام کیا ہوا |
| متفق | جس پر اتفاق ہو |
| قطع | توڑنا |

### ہ: دعائیں (زبانی)

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| تابع | فرماں بردار۔ تحت |
| بھروسا | اعتبار |

## بابِ دوم: ایمانیات و عبادات

### الف: ایمانیات

#### 1: آخرت

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| عارضی | غیر مستقل |
| ابدی | ہمیشہ۔ جس کی کوئی انتہا نہ ہو |
| آزمائش | امتحان |
| میسر | دستیاب |
| اجتناب | پرہیز |

#### 2: ختم نبوت اور اطاعت رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| دعویٰ | مدعا۔ خواہش۔ درخواست |
| خارج | نکالا ہوا |
| نجات | رہائی |

downloaded from https://infohubhrmss...ed.com/



Scanned with CamScanner

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| خوشنودی | رضا۔خوشی |
| ناگزیر | ضروری |

## عبادات

### 1: زکوٰۃ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| تجارت | اشیا کی خرید و فروخت |
| قرضِ حسنہ | اچھا قرض |
| قرب | نزدیکی |
| فلاح و بہبود | بھلائی |
| خوش حالی | آسودگی |
| مستحکم | مضبوط |

### 2: جمعۃ المبارک کی فضیلت

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| [illegible] | بے پروا |
| [illegible] | واقفیت |
| [illegible] | درستی |
| [illegible] | قطار |
| [illegible] | چھوڑ دیا |

### عیدین

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| [illegible] | احترام |

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| مسکین | مفلس۔عاجز |
| نادار | غریب |
| خلوص | سچائی کے ساتھ۔حقیقی محبت |
| دریغ | رک جانا |
| اقامت | پڑاؤ۔ وہ کلمات جو نماز کے لیے کھڑے ہوتے وقت پکارے جاتے ہیں۔ |
| نمود و نمائش | دکھاوا |
| اسراف | بے جا خرچ |

## باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

### 1: معراج النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| انتقال | منتقلی۔وفات |
| مشاہدہ | دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔تجربہ۔غوروخوض کرنا |
| امامت | امام کا منصب۔خلافت |
| طواف | گردش۔چکر لگانا |
| تصدیق | سچ کا اعتراف کرنا |
| معجزہ | عاجز کرنے والا۔کرشمہ۔کرامت |
| عظمت | بلندی۔بڑائی |

### 2: بیعتِ عُقبہ اُولیٰ و ثانیہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اولیٰ | پہلی |



downloaded from https://infohubhrmssissed.com/
Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| ثانیہ | دوسری |
| بہتان | الزام |
| خیانت | امانت میں چوری کرنا۔بددیانتی |
| معلم | استاد |
| کنارہ کش ہونا | پیچھے ہٹ جانا |
| مؤثر | پراثر |
| نقیب | کسی قوم یا گروہ کا سردار۔سربراہ |
| پیش خیمہ | پہلے پیش آنے والی حالت |

3: ہجرتِ مدینہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| پریشان کن | پریشان کر دینے والی حالت |
| رفیق | ساتھی |
| معاون | مددگار |
| برہم | ناراض |
| شرف | عزت |
| اشاعت | پھیلانا |

4: مواخات مدینہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| ذریعۂ معاش | روزگار حاصل کرنے کا وسیلہ |
| اخوت | بھائی چارہ |
| دکھ درد | غم۔تکلیف |
| گہوارہ | پرورش گاہ |

| | |
|---|---|
| پختہ | مضبوط |
| حکمت و دانائی | عقل مندی۔ہوشیاری۔بزرگی |
| عظیم | بڑا |
| ایثار | قربانی |
| عزت و تکریم | عزت واحترام |

5: مسجد نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| ملکیت | مالک ہونا۔وہ مال یا جائیداد جو کسی کے قبضے میں ہو |
| درجہ | مقام |
| متصل | جڑا ہوا |
| ستون | رکن۔کھمبا |
| زیارت | کسی متبرک چیز یا مقام کو دیکھنا۔دیدار |
| چبوترہ | اونچی جگہ |
| مامور | فائز۔مقرر کیا گیا |
| مشاورت | مشورہ کرنا |
| نشرو اشاعت | پھیلانا |
| توسیع | کشادگی۔کھلا کرنا |

6: میثاق مدینہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| یکسر | ایک دم |
| معاہدہ | وعدہ |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حمایت | مدد |
| عمل پیرا | کسی بات پر عمل کرنے والا |
| مظلوم | جس پر ظلم کیا گیا ہو |
| فریقین | فریق کی جمع۔ گروہ۔فرقہ |
| امن وامان | سکون |
| پائیدار | مضبوط |
| اُمت | قوم |
| واحدہ | ایک |
| مشعلِ راہ | راستہ دکھانا |

7: غزواتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| ناپاک | گندا |
| صرف کرنا | خرچ کرنا |
| معرکہ | جھگڑا۔ معاملہ۔مقابلہ |
| سازوسامان | دفاعی ہتھیار |
| لیس | ہتھیاروں سے آراستہ |
| جذبۂ ایمانی | ایمان کے جذبے سے سرشار |
| سرشار | لبریز۔بھرا ہوا |
| پڑاؤ | ٹھکانہ۔قیام |
| مالِ غنیمت | دشمن کا مال جو لڑائی کے بعد ہاتھ آئے |
| عبور کرنا | پار کرنا |

| | |
|---|---|
| غیبی مدد | اللہ تعالیٰ کی مدد |
| مساوات | برابری |
| عفوودرگزر | معاف کرنا |
| انحصار | دارومدار |
| استقامت | ڈٹے رہنا |
| ثابت قدمی | پختہ عزم |

## باب چہارم: اخلاق وآداب

### 1: رواداری

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| عقائد | عقیدہ کی جمع۔یقین۔گرہ اور گانٹھ |
| درس | سبق |
| معاہدہ | جس سے عہد کیا گیا ہو |
| جبر | زبردستی |
| احترام | عزت |
| حسنہ | بہترین |

### 2: عفوودرگزر اور رحم دلی

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| کوتاہی | غلطی |
| سراپا رحمت | سر سے لے کر پاؤں تک رحمت |
| کراہنا | تکلیف سے آواز نکالنا |

downloaded from https://infohubhassissed.com/



Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| لرزنا | کانپنا |
| نظرانداز | پس پشت ڈالنا۔ چشم پوشی کرنا |

3: کفایت شعاری

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حدود وقیود | دائرہ کار۔ پابندیاں |
| اُکسانا | اُبھارنا |
| میانہ روی | زیادتی اور کمی سے بچنا، درمیانہ راستہ |
| اعتدال | توازن۔ درمیانہ راستہ |
| محتاج | ضرورت مند |
| بخل | کنجوسی کرنا |
| تنگ دست | مفلس۔ نادار۔ غریب آدمی |

## باب پنجم: حسنِ معاملات اور معاشرت

1: ایفائے عہد

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| وعدہ خلافی | وعدہ توڑنا |
| قول | بات |
| قرار | وعدہ |
| جکڑے ہوئے | بندھے ہوئے |

2: اسلامی اخوت

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| غیر مہذب | جس کو سلیقہ نہ ہو |

| | |
|---|---|
| شاندار نمونہ | بے مثال |
| مانند | کی طرح۔ مثال |
| تفریق | فرق کرنا |
| بے نیاز | بے پروا۔ جو کسی شخص کا محتاج نہ ہو |
| تکریم | عزت |
| خیرخواہی | بھلائی |

3: چغل خوری

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| وعید | خبردار۔ دھمکی۔ عذاب کا وعدہ |
| تائید | حامی بھرنا۔ تقویت۔ طرف داری |
| بغض | دشمنی۔ کینہ |

## باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام

1: حضرت داؤد علیہ السّلام

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| برگزیدہ | بزرگ |
| سلطنت | ریاست |
| توکل | بھروسا |
| مقدس | پاکیزہ |
| قراءت | تلاوت کرنا |
| زین کسنا | گھوڑے کو سواری کے لیے تیار کرنا |
| مترنم آواز | سریلی آواز |

downloaded from https://infohubhrmssissed.com/



Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| حمد و تسبیح | اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرنا اور بڑائی بیان کرنا |
| صالحین | نیک لوگ |

2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| ابن مریم | مریم کا بیٹا |
| فضیلت | بڑائی۔ بزرگی |
| تلقین | نصیحت |
| حسد | نفرت۔ کینہ |
| فریب | دھوکا |
| پیروکار | پیروی کرنے والا |
| سازش | کسی کے خلاف خفیہ تدبیر |
| مخالف | دشمن |
| نافذ | جاری کرنا |
| بے یارومددگار | تنہا |
| سرخرو | کامیاب۔ بامراد |

3: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حیدر | شیر |
| سخی | دل کھول کر خرچ کرنے والا |
| فیاض | فراخ دل |
| شجاعت | بہادری |
| نمایاں | الگ۔ خاص۔ اہم |
| جوہر دکھانا | ہنر یا کمال دکھانا |
| جہنم واصل کرنا | شکست دینا۔ نیست و نابود کر دیا |
| کاتبین وحی | وحی لکھنے والے |
| ممتاز | نمایاں |
| السابقون الاولون | سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے |
| مباہلہ | فریقین کا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑتے ہوئے دعا کرنا کہ جھوٹے پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو |
| دوراندیشی | عقل مندی۔ ہوشیاری |
| چھاؤنیاں | فوج کے پڑاؤ کی جگہ۔ لشکر گاہ |
| نقش قدم | پاؤں کے نشان |
| ہمہ وقت | ہر وقت |

4: صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| رضا | خوشنودی |
| اصلاح | درستی کرنا۔ درست راستے پر ڈالنا |
| آراستہ | سجانا |
| قناعت | تھوڑی چیز پر راضی ہو جانا |
| تکمیل | مکمل کرنا |
| فقیہ | فقہ کا علم رکھنے والا |
| بھٹکے ہوئے | گمراہ۔ راستے سے ہٹے ہوئے |

downloaded from https://infohubhrmssiesed.com/



Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| خدمت خلق | اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت کرنا |
| مُحدِّث | حدیث کا علم رکھنے والا |

باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے

### 1: حادثات سے بچنے کی تدابیر

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| تکریم انسانیت | انسانوں کی عزت |
| ہلاکت | تباہی |
| قدر و قیمت | اہمیت۔عزت۔طاقت |
| حرمت | عزت و آبرو |
| مترادف | ہم معانی |
| ناگہانی آفات | اچانک پیش آنے والی صورت حال |
| برقی آلات | بجلی سے چلنے والے آلات |
| ترغیب | تلقین |
| وبا | پھیلنے والی بیماری |
| ضابطے | اصول۔قاعدے۔قوانین |
| طبی امداد | حادثے کی صورت میں پہنچائی جانے والی فوری مدد |

### 2: پودوں اور درختوں کی اہمیت

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| شفاف | صاف |
| ناپید | غائب |
| شجرکاری | درخت لگانا |
| چوپایہ | چار پاؤں والا۔جانور |
| اہتمام | انتظام |
| مذمت | ناپسندیدہ کام۔برا بھلا کہنا |
| سنگین | سخت |
| بیدار کرنا | جگانا |

downloaded from https://infohubhrmsissed.com/



Scanned with CamScanner